Posted On Kitab Nagri

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

ہر سِمت بکھرے اُجالے

نشاء احمد فیض

"میں آپ لوگوں سے کہہ چکا ہوں، اب آپ لوگ مجھے نہیں روکینگے، پندرہ سال پہلے میں آپ لوگوں کے لئے اپنا خواب، اپنی یونیرسٹی چھوڑ کر آیا تھا، اور اب جب میں جانا چاہتا ہوں تو آپ لوگ مُجھے روک رہے ہیں، میں نہیں روک سکتا، وہاں میری بہت ضرورت ہے، پروفیسر عامر بتا رہے تھے، یونیرسٹی کی حالت کافی خراب ہے، اور اب میں اُسے کسی اور پر نہیں چھوڑ سکتا، وہ یونیرسٹی میری زمیداری ہے، اور آپ لوگ اب یہی چاہتے ہیں کہ میں یہی رہوں" ظفریاب صاحب کافی ناراضگی سے کہہ رہے تھے، اُن کی باتوں کا اثر تھا کہ وہ سب خاموش تھے،

"اوہ دادوں ہم نہیں رہ سکتے آپ کے بغیر" انفاء نے لاڈ سے کہتے ہوئے اُن کے گلے میں بازوں ڈالے،

Posted On Kitab Nagri

"بٹ میں بھی اب یہاں نہیں رہونگا" اُنہوں نے کسی ضدی بچّے کی طرح کہا،

"او کے، دادوں اب آپ کو کوئی نہیں روکے گا، میں آپ کے ساتھ انڈیا جاؤنگا" ارید کی بات پر اُن سب نے ایک ساتھ اُسے دیکھا تھا،

"تم جاؤ گے دادوں کے ساتھ" شاہ ویر نے حیرت سے پوچھا،

"ہاں میں جاؤنگا" اُسنے کہا،

"اور تمہاری جوب" عاصم علوی نے پوچھا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جوب کا کیا، جوب تو مجھے وہاں مِل جائیگی، کیو دادوں ہو جائے گا نا آپکی یونیرسٹی میں میرا سلکیلیشن" اُسنے شرارت سے اُن سے پوچھا تھا،

"وہ پوری یونیرسٹی آپ ہی کی ہے، بٹ کوئی آپ کو بھیجے تو سہی، اپنے ماں باپ کی اجازت لے پہلے"

Posted On Kitab Nagri

اُنہوں نے کہا،

"بابا جان آپ کیسی بات کر رہے ہیں، آپ کے ہوتے ہوئے اِن کو ہماری اجازت کی کیا ضرورت ہے" عاصم علوی نے ناراضگی سے کہا،

"میں بھی دادوں کے ساتھ جاؤں گی" انفاء نے بھی کہا،

"پھر میں بھی جاؤنگا" شاہ ویر نے بھی کہا، عاصم اور ناظم صاحب کے ساتھ عزرا اور نشرا بیگم بھی حیران رہ گئی تھی، یہ اُن سب کو کیا ہو گیا تھا، ایسے کیسے اچانک اُنہوں نے فیصلہ کر لیا تھا، بٹ وہ یہ نہیں جانتے تھے کہ یہ فیصلہ اچانک نہیں پوری پلاننگ کے ساتھ کیا گیا ہے، ظفریاب صاحب اُن سب کے چہرے کے ایکسپریشن دیکھ کر مُسکرا رہے تھے،

"بھئی میرے شہزادہ اور شہزادی تو میرے ساتھ جا رہے ہیں، آپ لوگ رہے یہی" ظفریاب صاحب نے اُن چاروں سے کہا تو وہ اُنہیں دیکھنے لگے تھے،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"ہم یہاں کیا کرینگے اکیلے" نشرا بیگم نے کہا تھا،

"دیکھے موم ہم تو اب نہیں رو کینگے، اِس پروبلم کا ایک ہی سولیوشن ہے، آپ سب بھی انڈیا چلے" انفاء نے بڑی معصومیت سے کہا تھا، ہونٹوں پر بکھرتی شرارتی مُسکراہٹ شاہ ویر نے چونک کر اُسے دیکھا، دال میں کچھ تو کالا تھا، ارید بھی سر جھکائے مُسکرا رہا تھا، اُن کے چاروں ماں باپ سوچ میں پڑ گئے تھے،

"کیا سوچ رہے ہوں" ظفریاب صاحب نے اُن سے پوچھا،

"کُچھ نہیں بابا جان ہم انفاء کے سولیوشن پر غور کر رہے تھے، اِس کے بارے میں سوچینگے" ناظم صاحب نے کہا تھا، ظفریاب صاحب کے چہرے پر مسکراہٹ گہری ہو گئی، انفاء کے چہرے پر بھی فاتحانہ مسکراہٹ تھی،

"اچھّا بابا جان ہم اِس بارے میں پھر بات کرینگے، اب آپ ریسٹ کریں رات کافی ہو گئی ہے" عاصم علوی نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"ٹھیک ہے بیٹا جیسا آپ مناسب سمجھیں، وہی کرنا، بٹ اب میں نہیں روک سکتا" اُنہوں نے صاف کہا،

"اوکے بابا جان، شب بخیر" وہ چاروں کہتے ہوئے اُن کے رُوم سے نکل گئے، یہ اُن سب کا روز کا معمول تھا، سونے سے پہلے کچھ دیر اُن کے پاس بیٹھ کر پورے دِن کی مصروفیات کی باتیں کرتے، پھر سونے کے لیئے جاتے تھے،

"یاہو،، دادوں فارمولہ کام کر گیا" اُن چاروں کے نکلتے ہی انفاء نے اُنکے بازوں پر جھولتے ہوئے کہا تھا،

"اچھّا تو یہ تمہارا فارمولہ تھا، یہ سب ڈراما، کافی دیر سے سوچ رہا ہوں، کُچھ تو گڑبڑ ہے" شاہ ویر نے اُن کا پلان سمجھتے ہوئے کہا تھا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مار ڈالونگی اگر یہ بات لیک ہوئی تو آپ بہت بڑے بنے پھرتے ہیں، دادوں کہے انہیں خاموش رہے" اُسنے شاہ ویر کو وارن کرنے کے ساتھ ظفریاب صاحب سے بھی کہا،

Posted On Kitab Nagri

"ایک شرط پر یہ بات لیک نہیں ہو گی، تم انڈیا نہیں جاؤ گی" شاہ ویر نے شرارت سے کہا، ارید ہنس پڑا تھا،

"دادوں" وہ روہانسی ہوئی تھی،

" بھئی میری شہزادی تو ضرور جائیگی، کوئی جائے یا نہ جائے" ظفریاب صاحب نے اُسے خود سے لگاتے ہوئے کہا، اُن کی بات پر وہ شاہ ویر کو چھڑانے لگی تھی، اُسکے چہرے کے ڈیزائن دیکھ کر شاہ ویر اور ارید کے ساتھ ساتھ ظفریاب صاحب بھی ہنس پڑے تھے،-----،----------

---

---،--------------،----،---------------،،--،---------------،

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ظفریاب صاحب کے دوں بیٹے تھے، ناظم علوی اور عاصم علوی، اُنہوں نے اپنے دونوں بیٹوں کی شادی اپنی بہن کی بیٹیوں عزرا اور نشرا سے کی تھی، ناظم علوی کے ایک بیٹا تھا۔ شاہ ویر، اور عاصم علوی کے دوں بچّے تھے۔ ارید اور انفاء،

شاہ ویر نے ایم. بی. اے. کیا ہوُا تھا، اور اب ناظم علوی اور عاصم علوی کے ساتھ بزینس سنبھال رہا تھا، ارید نے سائکولوجی سے پی. ایچ. ڈی. کی ہوئی تھی، اور اب یہی لنڈن یونیر سٹی میں پروفیسر تھا، انفاء نے حال ہی میں گریجویشن کمپلیٹ کی تھی، اُس نے ظفریاب سے کہا تھا کہ اُسے آگے کی اسٹڈی انڈیا میں اپنی یونیر سٹی میں کرنی ہے، ظفریاب صاحب بھی اب انڈیا واپس جانا چاہتے تھے، بٹ اُن کے بچّو کا جانے کا کوئی ارادہ نہیں تھا، وہ اُن لوگوں پر زور بھی نہیں ڈالنا چاہتے تھے، اِس لِئے اُنہوں نے انفاء اور ارید کے ساتھ مِل کر یہ ڈراما کیا تھا، جس کا ریزلٹ اچّھا ہی آنا تھا، وہ لوگ پندرہ سال سے لنڈن میں تھے، ظفریاب صاحب اپنے بچّوں کی وجہ سے ساری ذمے داریاں فراموش کر کے لنڈن آ گئے تھے، اور اب وہ واپس جانا چاہتے تھے، بٹ وہ لوگ اُنہیں اکیلا تو نہیں بھیج سکتے تھے، پندرہ سال پہلے وا اپنے بچّوں کے لئے اپنا خواب، اپنی یونیر سٹی چھوڑ کر لنڈن آ گئے تھے، اور اب اُن کے بچّو کو اُن کے لیے اپنا بزِنیس چھوڑ کر انڈیا جانا تھا،

یہ محُبّتیں ہی تو ہوتی ہیں، جو رِشتوں کو خوبصورت بناتی ہیں، اُنہیں جوڑے رہتی ہیں، ظفریاب صاحب نے لنڈن میں رہتے ہوئے بھی اپنے بچّوں کی تربیت مشرقی ماحول کے حساب سے کی تھی، اُن میں

Posted On Kitab Nagri

مغربی ماحول کی کوئی بھی گندی عادت نہیں تھی، یہ اُن کی تربیت کا ہی نتیجہ تھا، جس سے وہ بہت خوش تھے،------

---,----------,---------,---------,---------,---------,-------
----

"ایزل بچّے یہ کیا بیجا ضد ہے، آپ اپنا کالج چھوڑ کر یونیورسٹی میں ایڈ مِشن کیو لینا چاہتی ہیں" اُنہوں نے اُسے اپنے پاس بیڈ پر بٹھاتے ہوئے پوچھا تھا،

"بابا جان آپ کو معلوم ہے، ایزل عزیز کبھی کوئی بیجا ضد نہیں کرتی، آپ کو مُجھ پر اعتبار ہے نا" اُسنے اُن کے بازوں سے لگتے ہوئے پوچھا،

"مُجھے اپنی بیٹی پر اعتبار ہے" اُنہونے مُحبّت سے کہا،

Posted On Kitab Nagri

"آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ آپ کی بیٹی کبھی کوئی کام بے وجہ نہیں کرتی ہے" اُس نے پوچھا تو وہ ہاں میں سر ہلا گئے، ایزل مُسکرا دی،

"آپ کو یہ بھی معلوم ہو گا کہ آپ کی بیٹی آپ سے کُچھ نہیں چھوپا ئیگی، اور کبھی ایسا کام نہیں کریگی جس سے آپ دونوں کو شرمندگی ہوں" وہ اُن کے بازوں سے لگی کہہ رہی تھی، عزیز صاحب مُسکرا دیئے تھے، وہ سچ ہی کہہ رہی تھی، اُسنے کبھی اُن سے کُچھ نہیں چھپایا تھا، ہمیشہ ہر بات اُنہیں بتائی تھی، اپنی غلطیوں کو بھی کبھی اُن سے نہیں چھپایا تھا، اُنہیں اپنی بیٹی پر مان تھا، اُس پر فقر تھا،

"مجھے سب معلوم ہے، میرے بچّے" اُنھونے مُحبّت سے اُسے تھپکا،

"تو پھر آپ میرا ایڈمیشن کرا دیں" اُسنے کہا،

"او کے، کرا دینگے، بٹ آپ کی امی جان" اُنھونے کُچھ شرارت سے کہا، تو وہ ہنس پڑی،

"وہ آپ کی بیوی ہے، آپ اُنہیں اچھّے سے سنبھال سکتے ہیں" اُسنے بھی شرارت سے کہا،

Posted On Kitab Nagri

"اُنہیں تو ہم سنبھال ہی لینگے، آخر اتنے سالوں سے بھی سنبھال رہے ہیں نا" اُنھوں نے ہنستے ہوئے کہا،

"تو پھر میرا ایڈ میشن پکّا" اُس نے پوچھا،

"بِلکل پکّا، مُجھے اپنی بیٹی پر اعتبار ہے" اُنھوں نے مُحبّت سے اُس کی پیشانی چومی،

"تھینک یو بابا، آپ میرے پیارے بابا ہیں" اُس نے لاڈ سے اُن کے گلے میں بازوں ڈالے تھے،

"اور آپ میری پیاری بیٹی" اُنھوں نے بھی مُحبّت سے کہا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہاں بس اِن سے تو بیٹی کے لاڈ اُٹھوالوں، اور کسی کی تو اُنہیں پرواہ ہی نہیں ہے" ہادیہ بیگم کمرے میں داخل ہوتے ہوئے ناراضگی سے بولی تھی، وہ ایزل کی یونیرسٹی میں ایڈمیشن لینے والی ضد سے ناراض تھی،

Posted On Kitab Nagri

"بابا جان، اب آپ تھوڑی سی پرواہ امی جان کی بھی کر لیں، اِن کے بھی لاڈ اُٹھا لیں" ایزل نے شرارت سے کہا تو عزیز صاحب ہنس پڑے،

"آپ میں ذرا بھی شرم نہیں ہے، یہ کیسی باتیں کر رہی ہے، اور آپ ہنس رہے ہیں" وہ غصّے سے بولی تھی،

"بابا جان، توپوں کا رخ دونوں طرف ہے، میں تو سونے جا رہی ہو، آپ سنبھال لینا، اور میرا مقدمہ جیت لیجئے گا، سچ بہت سواب ملے گا آپ کو، اُس کے بعد میں آپ کو اپنی ضد کی وجہ بتاؤ گی" اُسنے کھڑے ہوتے ہوئے دھیرے سے اُن کے کان میں کہا، وہ مُسکرا رہے تھے،

"جی میرے بچّے، اب آپ جائے شاباش، اور لیپٹوپ یوز کیے بغیر خاموشی سے بستر پر جا کر سو جائیں، پہلے ہی کافی دیر ہو گئی ہے، شب بخیر" اُنہوں نے اُس کی پیشانی چومی تھی،

"شب بخیر بابا جان، شب بخیر امی جان" وہ کہتے ہوئے ہادیہ بیگم کے گلے لگ گئی،

Posted On Kitab Nagri

" یہ لاڈ بعد میں دِکھانا، پہلے فٹافٹ یہ دُودھ پیوں " اُنہوں نے ٹیبل پر رکھے مگ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا، جو وہ ابھی لائی تھی،

" اوکے امی جان " اُسنے اُن سے الگ ہوتے ہوئے اُن کا گال چوما تھا، ہادیہ بیگم نے ٹیبل سے مگ اُٹھا کر اُسے تھمایا تھا،

" اتنے سارے ڈرائی فروٹ ڈالے آپ نے اِس میں " دودھ دیکھ کر اُس کی آنکھیں پھیل گئی تھی، ہادیہ بیگم نے اُسے گھورا تھا،

" چلے آپ کی خاطر، آپکی یہ ناراضگی والی سزا بھی ہمیں منظور ہے " اُسنے مُنھ بناتے ہوئے بڑی بیچارگی سے کہا تو عزیز صاحب اُس کی اِس ڈرامے بازی پر ہنس پڑے تھے، ہادیہ بیگم بھی مُسکرا دی تھی، اُنہیں مسکراتا دیکھ کر ایزل نے عزیز صاحب کو دیکھتے ہوئے وِکٹری کا نشان بنایا تھا، اور جلدی سے مگ ہونٹوں سے لگا گئی تھی،--------

Posted On Kitab Nagri

--,----------,-----------,----------,----------,---------,--------
----

عزیز ارشد اپنے گاؤں کے پردھان تھے، اُنکی شادی اپنے چاچا کی بیٹی ہادیہ سے ہوئی تھی، اُنکی ایک ہی بیٹی تھی ایزل عزیز، اکلوتی ہونے کی وجہ سے اُنہونے اُسے بہت مُحبّت سے پالا تھا، اُسکی بہت اچّھی تربیت کی تھی، ایزل ایک سمجھدار اور بہت ذہین لڑکی تھی، بہت نرم دِل، دوسروں کی تکلیفوں کو محسوس کرنے والی، بِلکُل عزیز صاحب کی طرح، دوسروں کی تکلیفوں کو دُور کرنے کی کوشش کرتی تھی، عزیز ارشد نے اپنے گاؤں میں ایک ڈیگری کالج بنوایا تھا، ایزل نے اُس کالج سے گریجویشن کی تھی، اور اب انگلش میں ماسٹرز کر رہی تھی، بٹ ابھی اُسکا سیمیسٹر شُروع ہی ہوا تھا کہ اُس پر یونیرسٹی جانے کی ضد سوار ہو گئی تھی، وہ اُسکی اِس ضد سے بے حد پریشان ہوئے تھے، وہ اُسے اکیلے شہر نہیں بھیجنا چاہتے تھے، بٹ وہ جانتے تھے کہ وہ یہ ضد بے وجہ نہیں کر رہی ہے، اور جو وجہ اُسنے اُنہیں بتائی تھی اُسکے بعد وُاسے روکنا بھی نہیں چاہتے تھے، اُنہونے بڑی مُشکِل سے ہادیہ بیگم کو منایا تھا، وہ بِلکُل

Posted On Kitab Nagri

بھی راضی نہیں تھی اُسے بھیجنے کے لئے، وہ اُنکی اکلوتی بیٹی تھی اور وہ اُسے اتنی دُور اکیلے بھیج دیتی، عزیز صاحب کے منانے پر وہ مان تو گئی تھی، بٹ اُسکے لئے بہت پریشان تھی، کیوں کہ اُسے وہاں ہوسٹل میں رہنا پڑتا،---------------

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

-----,---------,-----------,----------,---------,---------,--------
----

وہ لوگ یونیرسٹی میں اپنی مخصوص جگہ پر بیٹھے ہوئے تھے، جہاں سے وہ یونی میں داخل ہونے والی لڑکیوں کو آرام سے دیکھ سکتے تھے، ایک سے ایک فیشن ایبل لڑکی تھی، یہ اُن کا روز کا معمول تھا، آتی جاتی لڑکیوں پر کمینٹ پاس کرتے اور اُن پر ہنستے تھے، اب بھی وہ روز کی طرح وہاں بیٹھے تھے، تبھی ایک لڑکی یونیورسٹی میں داخل ہوئی تھی، بلیک ابایا میں، بلیک حجاب اور نقاب لگائے، وہ بِلکُل ہی الگ لگ رہی تھی، یہاں تو گرلز صرف نام کے لئے دوپٹہ گلے میں ڈالے رہتی تھی،

"مُجھے لگتا ہے، یہ کوئی گاؤں کی لڑکی ہے" باسم نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا تھا،

یس، شی اِز دیسی گرل" شاہ فیض نے بھی کہا،

Posted On Kitab Nagri

"چلوں، یار اِس دیسی گرل سے فرینڈ شپ کرتے ہیں" روحیل نے بھی کھڑے ہوتے ہوئے کہا،

ہاں یار، آج تک کسی گاؤں والی سے پالا نہیں پڑا ہے"

بہزاد بھی کھڑا ہو گیا تھا، وہ چاروں ایک ساتھ اُس لڑکی کی طرف بڑھے تھے، بٹ جب تک وہ اُس لڑکی تک پہنچ پاتے وہ لڑکی پرِنسپل کے آفیس کی طرف بڑھ گئی تھی،

"اوہ وہ تو گئی" بہزاد نے افسوس سے کہا،

"ڈونٹ وری یار، وہ بھی یہیں ہے، اور ہم بھی یہیں ہیں، اب نہیں پھر کبھی سہی" شاہ فیض نے ہنستے ہوئے کہا،

وہ لوگ پھر سے وہی آ بیٹھے تھے، یہ اُن کا روز کا معمول تھا، دوسروں کو تنگ کرنا اُن کا شوق تھا، اُنہیں ذرا بھی احساس نہیں تھا کہ پڑھائی کے نام پر یہ سب کرکے وہ لوگ اپنے ماں باپ کو دھوکا دے رہے

Posted On Kitab Nagri

ہیں، بلکہ وہی کیا یہاں تو سب سٹوڈینٹ کی یہی حالت تھی، کسی کو بھی ذرا احساس نہیں تھا، کہ یونیرسٹی کا ماحول کتنا خراب ہو رہا ہے،

صداقت علوی یونیرسٹی کی ہیڈ تھے، شاہ فیض اُنہیں کا اکلوتا بیٹا تھا، نہایت ہی بگڑا ہؤا، بدتمیز، کیریکٹر لیس اِنسان تھا، وہ بگڑا نوابزادہ اچّھے سے اچّھے سٹوڈینٹ اپنے جیسا بنا دیتا تھا،

وہ تینوں بھی اُسی کی طرح بگڑے ہوئے تھے، بہزاد صداقت علوی کی بہن کا بیٹا تھا، روحیل یہی کسی مِڈِل کلاس فیملی سے تعلق رکھتا تھا، اور باسم کسی گاؤں سے تھا، بٹ وہ سالوں سے اپنے گاؤں نہیں گیا تھا، یہی شہر میں ہی تھا، وہ امیر لڑکیوں سے فرینڈشپ کرتا اور اُن سے مالی فائدہ حاصل کرتا،

اُسکی پرسنالٹی اچّھی ہونے کی وجہ سے لڑکیاں بھی اُس پر مرتی تھی، اور وہ اِس سے بھرپور فائدہ حاصل کرتا تھا، روحیل کی بھی سیم یہی حالت تھی، وہ بھی اُسی کے نقشِ قدم پر چل رہا تھا،

ایک ہی خصلت کے ہونے کی وجہ سے اُن چاروں کی اچّھی بونڈِنگ تھی، وہ ایک دوسرے کا ہر غلط کام میں ساتھ دیتے تھے، اور دوسروں کو بھی اپنے ساتھ لڑکیوں کو تنگ کرنے کے طریقے بتاتے تھے، وہ پوری یونیرسٹی کے سب سے بگڑے ہوئے لڑکے تھے، شاہ فیض اپنے باپ کی پوسٹ کا بھرپور فائدہ اُٹھاتا تھا، اور ہر بار کُچھ غلط کرکے خود تو بچ جاتا تھا ہی اور اپنے ساتھیوں کو بھی بچا لیتا تھا، ویسے تو یہ یونیرسٹی کے اونر ظفریاب علوی تھے، وہ پندرہ سال پہلے اپنے بچّوں کی وجہ سے لنڈن چلے گئے تھے، اور جاتے ہوئے یونیرسٹی کی ذمے داری اپنے تایا کے پوتے صداقت علوی کو سونپ گئے تھے، صداقت

Posted On Kitab Nagri

علوی نے کبھی یونیرسٹی کے ماحول کی طرف کوئی دھیان نہیں دِیا تھا، جس وجہ سے یونیرسٹی کا ماحول بد سے بدتر ہوتا چلا گیا، بٹ اب بھی وہ کوئی دھیان نہیں دے رہے تھے۔-----

----

وہ انڈیا آگئے تھے، ابھی اُن کے ساتھ ارید ہی آیا تھا، شاہ ویر کو دوں تین دِن بعد انفاء کو لیکر آنا تھا، ظفریاب صاحب یونیرسٹی کا ماحول دیکھ کر بہت پریشان ہوئے تھے، ارید بھی یہاں کی حالت دیکھ کر حیران رہ گیا تھا، ایک رات وہ صداقت کے گھر ٹھہرے تھے، اُنکے گھر کی حالت دیکھ کر تو اُن کا سر ہی گھوم گیا تھا، اُنہونے کسی بھی سٹینڈرڈ میں کوئی کمی نہیں چھوڑی تھی، اُنکے گھر کا ماحول مغربی انداز لیئے ہوئے تھا، شرم تو اِس گھر سے جیسے رُخصت ہی ہو گئی تھی، موڈرن اور بیہودہ ڈریسز، بیہودہ باتیں کرنا، وہ ایک ہی دِن میں اُن کے گھر رہ کر گھبرا گئے تھے، آج ہی وہ اپنے ذاتی بنگلے میں شفٹ ہوئے تھے، کُچھ دِن بعد اُن سب کو بھی لنڈن سے بِزنیس وائنڈاپ کرکے انڈیا آنا تھا، ناظمِ علوی نے یہ فیصلہ اچانک ہی

Posted On Kitab Nagri

کیا تھا، ظفریاب صاحب اُن کے اِس فیصلے سے بہت خوش تھے، اُن کے بچّوں نے اُن کا دِل جیت لیا تھا، اُنہوں نے کبھی اُن پر اپنی مرضی نہیں تھوپی تھی، ہمیشہ اُن سب کی پسند کو ترجیح دی تھی، اور ہر بار اُن کے بچّوں نے بھی اُن کا مان رکھا تھا، بٹ وہ پندرہ سال پہلے کیے جانے والے اپنے فیصلے پر پچھتا رہے تھے، کہ اُنہوں نے صداقت علوی کو یونیورسٹی سونپ دی تھی، اب اُنہیں اپنا خواب، اپنی یونیورسٹی کو بچانا تھا، اس گندے ماحول سے، اُنہیں یونیورسٹی کو پہلے جیسا پاک اور صاف ماحول دینا تھا۔۔۔۔۔۔۔

-------,----------,-------,--------,--------,--------,--------
-

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ایزل بچّے آپ کو کوئی مسئلہ تو نہیں ہوُا پہنچنے میں" عزیز صاحب کال پر ایزل سے پوچھ رہے تھے،

"نہیں بابا جان، کوئی مسئلہ نہیں ہوُا، آپ نے ڈرائیور ہی ایسا بھیجا ہے میرے ساتھ" اُس نے شرارت سے کہا تو وہ ہنس پڑے،

Posted On Kitab Nagri

"وہ ڈرائیور میں نے نہیں آپ کی امی جان نے بھیجا ہے، آپ کو اُنہیں کا شکریہ ادا کرنا چاہیے" اُنہوں نے بھی بھرپور شرارت سے کہا،

"ویسے بابا ماموں جان بلکل امی جان کی طرح ہیں، اُنہیں کی طرح ہدایت دیکر گئے ہیں مجھے ک میں اپنا خیال رکھو" اُسنے کہا،

"بھائی کس کے ہیں آخر" اُنہونے ہنستے ہوئے کہا،

"بابا، ماموں جان پورے راستے آپ کی تعریف کرتے آئے ہیں، سچ مُجھے بہت فقر محسوس ہو رہا تھا کہ میں آپ کی بیٹی ہوں" اُس نے خوش ہوتے ہوئے کہا،

"مجھے بھی فقر ہے کہ آپ میری بیٹی ہیں" اُنہونے مُحبّت سے کہا،

"تھینکس بابا جان، مجھے سپورٹ کرنے کے لئے" اُسنے مُحبّت سے کہا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"تھینکس کی کوئی ضرورت نہیں ہے بچےّ، یہ تو ثواب کا کام ہے جس کے لیے ہم نے آپ کو اتنی دُور بھیجا ہے" اُنہوں نے کہا تو وہ مُسکرا دی،

"امی جان کہاں ہیں" اُس نے پوچھا،

"ابھی کمرے میں آئی ہیں، آپ بات کریں میں نے اِسپیکر آن کر دیا ہے، آپ کی امی جان آپ کو بہت یاد کر رہی ہیں" اُنہوں نے کہا تو اُس کی آنکھیں بھیگ گئی، اُسے بھی اُن دونوں کی بہت یاد آ رہی تھی، وہ کبھی اُن سے ایسے دُور بھی تو نہیں ہوئی تھی،

"ایزل بچےّ بات کریں" سیل سے عزیز صاحب کی آواز آئی تو اُس نے خود کو سنبھالا، مقصد پورا ہونے تک اُسے خود کو کمزور ظاہر نہیں کرنا تھا، ورنہ وہ دونوں پریشان ہو جاتے،

"اسلام علیکم، امی جان" اُس نے خود کو نورمل کرتے ہوئے اُنہیں سلام کیا،

Posted On Kitab Nagri

"وعلیکم اسلام، آگئی آپ کو امی جان کی یاد" اُنہوں نے کُچھ ناراضگی سے کہا تھا،

"آپ کی یاد تو تبھی آئیگی نا امی جان، جب ہم آپ کی یاد سے غافِل ہونگے، یہاں تو صبح شام بس آپ کی یاد، یاد اور بس یاد ہے" وہ پوری لہر میں بولی تھی، اُس کی بات پر دوسری طرف سے اُن دونوں کے ہنسنے کی آواز آئی تھی، وہ بھی ہنس پڑی،

"بس بس یہ ڈائیلاگ بازی تو کوئی آپ سے سیکھے" ہادیہ بیگم نے مصنوعی غصّے سے کہا تھا،

"مُجھے آپ دونوں سے کُچھ کہنا ہے" اُسنے کہا،

"جی کہیں میرے بچّے" عزیز صاحب نے محبّت سے کہا،

"ویری ویری تھینک یو، امی جان، بابا جان مُجھے سپورٹ کرنے کے لئے، آئی لو ویو سو مچ، اینڈ آئی مِس یو" اُس نے بھیگی آواز میں کہا،

Posted On Kitab Nagri

"سیم ٹو یو، میری جان آپ کے امی، بابا بھی آپ کو بہت مِس کر رہیں ہیں" ہادیہ بیگم نے کہا تھا،

"او کے بیٹا اب آپ سو جائیں، صبح بات کریں گے، رات کافی ہو گئی ہے، آپ تھکی ہوئی ہو نگی" عزیز صاحب نے کہا،

"جی بابا جان اللہ حافِظ، شب بخیر، میرے لیے دُعا کیجئے گا، اور آپ دونوں اپنا خیال رکھی ئے گا" اُس نے دونوں سے کہا،

"اللہ حافِظ، شب بخیر بچےّ اپنا خیال رکھنا" اُنہوں نے کہتے ہوئے کال کاٹ دی، ایزل گہری سانس لیتے ہوئے بیڈ کراؤن سے سر لگا گئی، وہ آج ہی ہادیہ بیگم کے بھائی فہاد کے ساتھ شہر آئی تھی، فہاد ہی اُسے گرلز ہاسٹل چھوڑ کر گئے تھے، اُس کے ساتھ ایک ملازمہ بھی آئی تھی، جسے ہادیہ بیگم نے زبردستی اُس کے ساتھ بھیجا تھا، کل اُسے یونیرسٹی جانا تھا، آج تو وہ بس کُچھ دیر کے لئے ہی گئی تھی، اُسنے کوئی کلاس اٹینڈ نہیں کی تھی،----

Posted On Kitab Nagri

--,---------,----------,-------,--------,--------,--------,--------

-----

"ارید میں سمجھ نہیں پا رہا ہوں، یہ سب کیسے ہینڈل کروں، یونیورسٹی کا ماحول اتنا خراب ہو چُکا ہے، کوئی ڈیسپلِین نہیں ہے، کوئی رولز ریگولیشن نہیں ہے" وہ پریشان سے ارید سے کہہ رہے تھے، اِس وقت وہ یونیورسٹی میں ہی آفس میں بیٹھے ہوئے تھے، ارید اور وہ دونوں ہی اِس ماحول کی وجہ سے پریشان تھے،

" دادوں آپ پریشان مت ہوئے، انشاءاللہ جلد ہی سب ٹھیک ہو جائے گا، مُجھے یہاں کے حساب کتاب میں بھی کُچھ گڑبڑ لگ رہی ہے، بٹ آپ ابھی کسی سے اِس بات کا ذِکر مت کیجئے گا، میں خود سب سنبھال لونگا، میں نے یونیورسٹی کی ویبسائٹ پر رولز چیک کئے ہیں، اُن میں کُچھ چینجنگ کی ضرورت ہے، اور کُچھ نیو رولز بھی بنانے ہونگے، جس سے ماحول جلد سے جلد بہتر ہو جائے" ارید نے کُچھ سوچتے ہوئے کہا،

Posted On Kitab Nagri

"میں نے بہت بڑی غلطی کر دی، صداقت کو ذمّے داری سونپ کر" وہ کُچھ پچھتاتے ہوئے بولے تھے،

"دادوں آپ پریشان مت رہیں، سب ٹھیک ہو جائے گا، پرسو شاہ ویر بھی آ جائے گیں، اُن سے بھی کوئی نا کوئی اچّھا سجیشن مِل جائے گا" ارید نے اُنہیں تسلّی دی تھی،

"اچّھا ہوُا ارید آپ میرے ساتھ آ گئے، ورنہ میں اکیلے تو کُچھ بھی نہیں کر سکتا" اُنہوں نے کہا،

"بس دادوں آپ پریشان مت ہوئے، آپ کو دیکھ کر میں بھی پریشان ہو جاتا ہوں" اُسنے کہا تو وہ مُسکرا دیئے،

"اب میں پریشان نہیں ہو نگا، جب میرا اتنا ذہین اور بہادر شہزادہ میرے ساتھ ہے" اُنہوں نے مُحبّت سے کہا تو وہ ہنس پڑا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"اوکے اب آپ یہ فائلز چیک کریں، اور جو رولز چینج کرنے ہیں، اُنہیں دیکھیں اور نیو رولز کے بارے میں بھی کُچھ سوچیں، میں ذرا باہر کلاسز کے حالات دیکھ لوں، پروفیسر عامر بتا رہے تھے، یہاں لیکچرز بھی کمی کے ساتھ ہوتے ہیں" ارید نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا، تو وہ سر ہلا گئے، ارید آفیس سے باہر آ گیا،

اُسے جلدی ہی کُچھ کرنا تھا ورنہ ظفریاب صاحب ایسے ہی ٹینشن میں اپنی طبیعت خراب کر لیتے،

-----,---------,--------,---------,---------,-------,------,-------- ---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ لائبریری کی طرف جا رہی تھی، جب تین لڑکے ایک دم اُسکے سامنے آئے تھے،

"ہیلو مِس، ہاؤ آر یو؟" اُن میں سے ایک نے نہایت ہی فلرٹی انداز میں کہا تھا، ایزل نے اُن تینوں کو دیکھا وہ چہرے سے ہی آوارہ قسم کے لگ رہے تھے،

Posted On Kitab Nagri

"راستے سے ہٹیں" ایزل نے سختی سے کہا،

"ہٹ جائینگے، پہلے ہم سے فرینڈ شپ تو کر لیں" دوسرے لڑکے نے گھٹیا پن سے کہا تھا، اور اُس کی طرف ہاتھ بڑھایا تھا،

"سوری، مُجھے کسی فرینڈ شپ کی ضرورت نہیں ہے، آپ بس راستے سے ہٹیں" ایزل نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا،

"آپ کو نہیں ہمیں تو ضرورت ہے، آج سے آپ ہماری فرینڈ ہیں، میرا نام شاہ فیض علوی ہے، یہ بہزاد علوی ہے، اور یہ باسم خان" اُس لڑکے نے تعارف کرایا تھا، باسم خان نام سُن کر وہ چونکی تھی، اُس نے غور سے اُسے دیکھا جو اُسے ہی دیکھ رہا تھا،

"باسم خان" وہ زیرِ لب بڑبڑائی تھی،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

"ویسے آپ کے لیئے ایک فِری ایڈوائزر ہے، آپ یونیرسٹی میں باقی لڑکیوں کی طرح رہیں، یہ حجاب اور نقاب آپ کی پرسنالٹی اوکورڈ کر رہا ہے" بہزاد نے بے تکلّفی سے کہا تو اُسے غصّہ آ گیا،

Posted On Kitab Nagri

"بس بہت ہو چکی آپ کی ڈرامے بازی، مُجھے نا آپکی فرینڈ شپ کی ضرورت ہے اور نا ہی آپ کی اِس بیہودہ ایڈوائز کی، اور اِس سے پہلے کہ مُجھے مزید غصّہ آئے یہاں سے چلتے پھرتے نظر آئے" اب کی بار اُس نے کافی غصّے اور اونچی آواز میں کہا تھا، آتے جاتے سٹوڈینٹ بھی اُنہیں دیکھنے لگے تھے،

"اینی پروبلم" تبھی ایک ینگ اور باوقار شخص وہاں آیا تھا، شاید وہ کوئی پروفیسر تھے، ایزل نے اُن کی ڈریسنگ سے اندازہ لگایا،

"نہیں بھائی کوئی پروبلم نہیں ہے، یہ بس ہم سے کینٹین کا راستہ پوچھ رہی تھی" اُس لڑکے نے کہا جس نے اُن کا تعارف کرایا تھا، ایزل اُس کے جھوٹ پر حیران رہ گئی، کتنی صفائی سے اُس نے مُنھ پر ہی جھوٹ بول دیا تھا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مِس کینٹین اِس سائڈ ہے" دوسرے لڑکے نے بھی کہا، ایزل نے غصّے سے اُسے گھورا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"شٹ اپ بکواس مت کریں، کیا سمجھ رہے ہیں آپ مُجھے، کوئی بیوقوف، ڈر جانے والی لڑکی نہیں ہوں میں، آپ لوگ اتنے دیر سے میرا راستہ روکے کھڑے ہے، بکواس کیے جارہے ہیں، اور اب انہیں دیکھ کر کیسے گرگٹ کی طرح رنگ بدل رہے ہیں" اُن کے جھوٹ نے ایزل کے غصّے میں اِضافہ کر دیا تھا،

"شاہ فیض یہ سب کیا ہے، راستہ روکے کیو کھڑے ہیں آپ، اور کیا بکواس کی آپ نے" اُس شخص نے سختی سے شاہ فیض سے پوچھا تھا،

"کُچھ نہیں بھائی ہم نے کُچھ نہیں کیا، یہ ایسے ہی کہہ رہی ہیں" شاہ فیض نے پھر جھوٹ بولا تھا،

" مِسٹر شاہ فیض، میں یہی پر کھڑی ہوں، آپ میرے سامنے ہی جھوٹ بول رہے ہیں" اُسنے کڑے تیوروں سے اُسے گھورا،

" آپ ہی بتائے، کیا کہہ رہے ہیں یہ آپ کو" اُس شخص نے ڈائریکٹ ایزل سے پوچھا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"سر مجھے نہیں معلوم کہ اِن لوگوں سے آپ کا کیا ریلیشن ہے، بٹ آپ انہیں سمجھا دے کہ اِن کو میرے حجاب یا نقاب سے کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیئے" اُس نے اب کی بار دھیمے لہجے میں کہا تھا،

"وہاٹ، اِن لوگوں نے آپ کے حجاب کے بارے میں بد تمیزی کی ہے، شاہ فیض آپ سے یہ اُمّید نہیں تھی مجھے، آپ کتنے بھی موڈرن سہی، بٹ آپ کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ آپ کسی کی ڈریسنگ پر تنقید کریں، آپ لوگ ابھی معذرت کریں اِن سے" اُس شخص نے سختی سے کہا،

"معذرت کی ضرورت نہیں ہے سر, بس آپ انہیں سمجھا دے آئندہ میرے راستے میں نا آئے تو بہتر ہو گا" ایزل نے اُن تینوں کو دیکھتے ہوئے کہا،

"اوکے آئندہ یہ لوگ آپ کو پریشان نہیں کرینگے" اُس شخص نے کہا،

"اوکے تھینک یو سر" وہ کہتے ہوئے لائبریری کی طرف بڑھ گئی، وہ لوگ پہلے ہی اُس کا راستہ چھوڑ چکے تھے، یہاں کا ماحول تو اُسے پہلے ہی اچھّا نہیں لگا تھا بٹ یہاں ٹھہرنا اُس کی مجبوری تھی، اُسے مقصد تو پورا کرنا ہی تھا، کیسے؟ یہ ابھی اُس نے سوچا نہیں تھا،------

Posted On Kitab Nagri

-------,---------,--------,-----------,-------,------,-------,------
-

"دادوں یہ شاہ فیض کافی فلرٹ قسم کے نہیں ہے، آج انہوں نے جو حرکت کی ہے، وہ کافی بُری تھی، ویسے تو میں شاہ فیض کو ڈانٹ چُکا ہوں، بٹ پھر بھی آپ صداقت انکل سے اِس بارے میں بات کریں" اریدنے ظفریاب صاحب سے کہا،

"کیا حرکت کی اُنہوں نے" ظفریاب صاحب نے اس سے پوچھا،

"آج شاہ فیض اور اُن کے فرینڈز نے یونیرسٹی میں ایک نقاب والی لڑکی سے اُن کے نقاب کو لیکر بہت بدتمیزی کی ہے" اریدنے اُنہیں بتایا تو حیران ہوئے،

Posted On Kitab Nagri

"ہماری یونیورسٹی میں ایک نقاب والی لڑکی کیسے ہو سکتی ہے، یہاں کا ماحول دیکھ کر تو وہ ایک پل بھی یہاں نہیں ٹھہر سکیگی، آپ کو کوئی غلط فہمی ہوئی ہے، یا شاید شاہ فیض نے آپ کے ساتھ کوئی پرینک کیا ہے" اُنہوں نے اندازہ لگایا،

"نہیں دادوں یہ کوئی پرینک نہیں تھا، وہ کافی غصّے میں شاہ فیض کو ڈانٹ رہی تھی، اور وہ مجھے کُچھ پریشان بھی لگی تھی، دادوں مجھے لگتا ہے، وہ اب یہاں نہیں ٹھہرے گی، میں نے شاہ فیض اور اُن کے فرینڈز کی باتیں سُنی ہے، وہ اس لڑکی کو تنگ کرنے کا پورا پلان بنائے ہوئے ہے، اُن کا کہنا ہے کہ وہ بھی کُچھ دِن بعد یونیورسٹی کی باقی لڑکیوں کی طرح بن جائے گی، اُن کا یہ نقاب ایک ڈراما ہے" ارید نے اُنہیں ڈیٹیل بتائی، آج کوریڈور سے گزرتے ہوئے اس نے اُن لوگوں کی باتیں سُن لی تھی، ظفریاب صاحب سوچ میں ڈوبے تھے،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اگر ایسا ہو گا تو بہت غلط ہو گا، بٹ یہ مسٔلہ صداقت کو بتا کر حل نہیں ہو گا، آپ ہی کو کُچھ کرنا ہو گا، صداقت کی نظر میں یہ سب بچپنا ہو گا شاہ فیض کا، وہ اُنہیں کُچھ نہیں کہیں گے، وہ صداقت کی اکلوتی اولاد ہے، جسے بگاڑنے میں اُنہیں کا ہاتھ ہے، وہ کبھی اُن کی غلطی تسلیم نہیں کرینگے، ہمیں ہی کُچھ کرنا ہو گا،

Posted On Kitab Nagri

اگر ہماری یونیرسٹی میں یہ سب کچھ ہو گا تو کیسے چلیگا، اچھّے سٹوڈینٹ تو یونیرسٹی میں آتے ہی واپس ہو جائے گیں" اُنہونے پریشان ہو کر کہا،

"دادوں آج میں نے یونیرسٹی میں ایک شخص کو اپوئنت کیا ہے، وہ سٹوڈینٹ اور ٹیچرز دونوں کی ایکٹیوٹیز پر نظر رکھیں گیں، ساری کلاس رُوم میں کیمرا لگا ہوا ہے، اُن کیمرا سے وہ نظر رکھیں گیں، میں نے اُن سے بولا ہے کوئی بھی غلط ایکٹیویٹی ہو وہ مجھے انفورم کریں" ارید نے اُنہیں بتایا،

"یہ آپ نے اچھّا کیا، آپ اُس لڑکی کی بھی ڈیٹیل معلوم کریں" اُنہونے کہا،

"جی دادوں میں کر لونگا، اُنہیں سیکیورٹی دینا ہمارا ہی کام ہے" اُسنے کہا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کل شام تک شاہ ویر بھی آجائے گیں آپ کو بھی کمپنی مِل جائے گی" ظفریاب صاحب نے کہا،

"آپ بے فِکر ہو جائے دادوں ہم سب سنبھال لینگے، اب آپ ریسٹ کریں، صبح بات کریں گے" ارید نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا،

Posted On Kitab Nagri

"آپ بھی بس جلدی سو جانا، لیپٹوپ پر زیادہ کام مت کیجئے گا" ظفریاب صاحب نے کہا،

"اوکے دادوں میں جلدی سو جاؤنگا، گُڈ نائٹ" ارید گُڈ نائٹ کہتے ہوئے باہر آگیا، اُسے یونیرسٹی کی ویبسائٹ پر رولز چینج کرنے تھے، اور کُچھ نیو رولز ڈالنے تھے،--------

,--------,---------,---------,---------,---------,-------,---------,---------
----

وہ کلاس رُوم میں وِنڈو کی سائڈ والی بینچ پر بیٹھی ہوئی تھی، کلاس میں لڑکے لڑکیوں نے بہت شور کیا ہوُا تھا، آج اُسے یونیرسٹی جوائن کیے ہوئے تیسرا دِن تھا، اور اِن تین دِن میں ہی وہ اِس ماحول سے گھبرا گئی تھی، لڑکے لڑکیوں کا ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے پھرنا، بیہودہ باتیں کرنا، بے باک نظرے، بے وجہ قہقہے لگانا، بیہودہ ڈریسز، اُسے یہ سب برداشت کرنا بہت مشکل لگ رہا تھا، اُسکی ابھی کسی سے فرینڈشپ نہیں ہوئی تھی، کوئی تھا ہی نہیں اُس کے مِجاز کا جس سے فرینڈشپ کی جاتی، وہ اُکتائی ہوئی سی بُک پر

Posted On Kitab Nagri

جُھک گئی تھی، تبھی کلاس میں پروفیسر اقبال داخل ہونے تھے، سب اسٹوڈینٹ اپنی سیٹس پر بیٹھ گئے تھے، بٹ شور اب بھی کم نہیں ہؤا تھا، شور کے دوران ہی اُنہونے لیکچر دیا تھا، اور کسی بھی اسٹوڈینٹ سے کوئی سوال پوچھے بغیر ہی کلاس سے باہر نِکل گئے، ایزل کا تو سر گھوم گیا، اُس نے فرسٹ ٹائم اُن کا لیکچر اٹینڈ کیا تھا، اسٹوڈینٹ تو اسٹوڈینٹ یہاں تو پروفیسر بھی یہی حالت تھی،

"ہائی آپ شاید نیو اسٹوڈینٹ ہیں" تبھی ایک لڑکی نے آکر اُس سے پوچھا تھا، ریڈ اور جینس پہنے، گلے میں سکارف ڈالے وہ لڑکی اُس کے پاس بینچ پر بیٹھ گئی تھی،

"ہمم میں نے پرسو ہی یونیرسٹی جوائن کی ہے" اُس نے دھیمے سی جواب دِیا تھا،

"آئی ایم زمر نیاز" اُس لڑکی نے ایزل کی طرف ہاتھ بڑھایا،

"آئی ایم ایزل عزیز" ایزل نے اُس سے ہاتھ ملایا،

"آپ شاید ابھی یہاں کے ماحول سے پریشان ہیں" زمر نے اُس سے پوچھا،

Posted On Kitab Nagri

"ہمم" اُس نے بس اتنا کہا،

"میں بھی فرسٹ ٹائم ایسے ہی گھبرائی تھی، بٹ اب ایڈجسٹ ہو گئی ہوں، آپ بھی جلد ہی اِس ماحول میں ڈھل جائے گی" زمر نے کہا،

"یہ ناممکن ہے، میں چند گھنٹوں میں ہی گھبرا گئی، ایسے تو اسٹڈی بھی نہیں ہو پائے گی" ایزل پریشان سے لہجے میں کہا،

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

"ارے اسٹڈی کون کرتا ہے یہاں، سب لوگ بِنداس رہتے ہیں، آپ بھی انجوئے کریں" زمر نے کہا،

"پھر یہ اسٹوڈینٹ پاس کیسے ہوتے ہیں، میں نے یونیرسٹی کا رزلٹ ریکارڈ دیکھا تھا، ریکارڈ تو کافی اچّھا ہے" ایزل حیران ہوئی،

"سب منی کا کمال ہے، منی دوں اور پاس ہو جاؤ" زمر نے ہنستے ہوئے کہا تھا، ایزل اِس دھاندلی پر حیران رہ گئی تھی، یہاں یہ سب بھی ہوتا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"آپ ہر وقت یہ نقاب لیے رہتی ہیں" زمر نے پوچھا تو وہ ہاں میں سر ہلا گئی،

"آپ اسے ہٹا دیں، تبھی آپ یہاں ایڈجسٹ ہو پائے گی" زمر نے کہا تو ایزل نے چونک کر اُسے دیکھا،

"نہیں، بِلکُل نہیں، یہاں ایڈجسٹ ہونے کے لیے میں اپنے مذہب، اپنی تہذیب، اپنے اصولوں سے کمپرومائز نہیں کر سکتی" ایزل نے اٹل لہجے میں کہا،

"آپ شاید ویلیج سے ہیں" زمر نے پوچھا تو وہ ہاں میں سر ہلا گئی،

"یہ گاؤں کے لوگ اتنے آوٹ ڈیٹڈ کیوں ہوتے ہیں" زمر نے پوچھا،

"گاؤں کے لوگ آوٹ ڈیٹڈ نہیں ہوتے ہیں، وہ اپنے مذہب، اپنے کلچر سے کافی اٹیچ ہوتے ہیں، وہ کبھی اپنے اصولوں سے کمپرومائز نہیں کرتے ہیں، اور میں فقر سے کہتی ہوں، میں بھی اُن لوگوں میں

Posted On Kitab Nagri

شامِل ہوں، یہ نقاب میرے مذہب، میرے کلچر کا حصّہ ہے، اِس سے کمپرومائز کرنا ممکن نہیں" اُس نے صاف کہا، زمر اُس کے اٹل لہجے پر مُسکرا دی تھی،

"بٹ کسی نے تو دعویٰ کیا ہے کہ کُچھ دِن بعد آپ بھی اِس ماحول کا حصّہ بن جائیں گی" زمر نے کہا تو ایزل کو بہت غصّہ آیا،

"یہ دعویٰ جھوٹا ہے، اور یہ دعویٰ کرنے والا بھی جھوٹا ہے، جس دِن میں نے خود میں کوئی تبدیلی محسوس کی، بس اسی دِن میں یہ یونیرسٹی چھوڑ کر چلی جاؤں گی" ایزل نے اپنے غصّے پر قابو کرتے ہوئے کہا،

"واؤ زبردست، تو شاہ فیض علوی یہ باتیں سننے کے بعد آپ کو اندازہ ہو چُکا ہو گا کہ آپ کا دعویٰ جھوٹا ہے، سو میں شرط جیت چکی ہو، اب تو آپ کو کوئی شک نہیں ہو گا نا" زمر نے پیچھے گھومتے ہوئے بُلند آواز میں کہا تھا، ایزل بُری طرح اُلجھی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"شک نہیں مجھے یقین ہے، میرا دعویٰ سچّا ہے، ابھی تو انہیں آئے ہوئے تھری ڈیز ہوئے ہیں، یہ تو وقت بتائیگا، ابھی آپ شرط نہیں جیتی" شاہ فیض جو اُن سے تیسرے نمبر والی سیٹ پر بیٹھا تھا، کھڑے ہوتے ہوئے اونچی آواز میں بولا تھا، اُسکی بات پر سارے اسٹوڈینٹ ہنسنے لگے تھے، ایزل کا دِل کیا تھا، وہ اُس کا سر توڑ دے، اُسنے مُشکِل سے اپنے غصّے پر قابو کیا تھا، وہ لوگ بہت زیادہ بد تمیز تھے،

"یہ سب کیا تھا" اُسنے کھڑے ہوتے ہوئے غصّے سے زمر سے پوچھا تھا،

"وہ ہم نے شرط-----------

"شٹ اپ، مجُھے آپ کی کوئی بکواس نہیں سُننی" اُس نے زمر کی بات کاٹتے ہوئے غصّے سے کہا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اور آپ، آپ سے میں پہلے بھی کہہ چکی ہوں، مُجھ سے دُور رہیں، یہی بہتر ہو گا آپ کے حق میں" وہ غصّے میں شاہ فیض کو وارن کرتی کلاس سے باہر نِکل گئی، یہاں کوئی اِس قابِل تھا ہی نہیں، جس سے بات کی جاتی، سب لوگ ایک ہی کیٹیگری کے تھے، زمر کی اِس حرکت پر اُس کا خون کھول گیا تھا، اُس کا دوسرا لیکچر لینے کا بھی دِل نہیں کر رہا تھا، وہ غصّے پر قابو پاتے ہوئے باہر ہی بینچ پر بیٹھ گئی، عزیز صاحب

Posted On Kitab Nagri

سے بات کیے بغیر تو اُس کا غصّہ کم نہیں ہوتا تھا، ہمیشہ ہر بات اُن سے شیئر کرنے کے بعد اُس کا غصّہ ختم ہوتا تھا، وہ سیل نکالتے ہوئے عزیز صاحب کو کال کرنے لگی،----------

----

کل شام انفاء اور شاہ ویر بھی لنڈن سے آ گئے تھے، اور آج وہ دونوں اُن کے ساتھ یونیرسٹی آئے تھے، اُن دونوں نے ارید کے ساتھ پوری یونیرسٹی گھومی تھی، اور اب ارید اُنہیں لیکر کینٹین آیا تھا،

"واؤ بھائی یہ کینٹین تو ایسی لگ رہی ہے جیسے کوئی ریسٹورینٹ ہو" انفاء چاروں طرف دیکھتے ہوئے کہا،

"یہ ریسٹورینٹ ہی ہے، اِس میں ساری فیسلیٹیز ریسٹورینٹ جیسی ہی ہیں" ارید نے مُسکراتے ہوئے کہا تھا، وہ تینوں وہی ایک ٹیبل پر بیٹھ گئے تھے،

Posted On Kitab Nagri

"یہاں کا ماحول تو واقعی بہت زیادہ خراب ہے" شاہ ویر نے آس پاس دیکھتے ہوئے کہا، وہ ہر ٹیبل پر ایک لڑکا اور لڑکی بیٹھے تھے اور اور آپس میں اتنے کھوئے تھے کہ انہیں کسی کا بھی خیال نہیں تھا کہ کوئی اُنہیں دیکھ رہا ہے،

"ہمم، یہ جتنے بھی لوگ یہاں بیٹھے ہیں، سب لیکچر بنک کیے بیٹھے ہیں" ارید نے کہا،

"آپ نے کیا سوچا ہے، اس ماحول کو سدھارنے کے لئے" انفاء نے پوچھا تھا،

"سوچا تو بہت کُچھ ہے بٹ یہ کافی بڑا مسئلا ہے، ہمیں کُچھ بڑا کرنا ہوگا، صداقت انکل نے یونیرسٹی میں ایک فنکشن رکھا ہے، دادوں کے واپس آنے کی خوشی میں تبھی ہمیں کُچھ کرنا ہو گا" ارید نے سوچتے ہوئے کہا،

"بٹ دادوں کہہ رہے تھے، ایگزیم میں بھی صرف دوں ماہ ہیں" شاہ ویر نے کہا،

Posted On Kitab Nagri

"بٹ یہ سب سہی کرنا بھی ضروری ہے" ارید نے کہا،

"بٹ بھائی اِس فنکشن کی وجہ سے اسٹوڈینٹ کی اسٹڈی کا حرج ہو گا" انفاء نے کہا تو وہ مُسکرا دِیا،

"آپ کو لگتا ہے اب یہ لوگ اسٹڈی کر رہے ہیں" ارید نے اُس سے پوچھا،

"کر تو نہیں رہے، بٹ سارے اسٹوڈینٹ ایک جیسے نہیں ہے نا" اُسنے معصومیت سے کہا تو وہ دونوں ہنس پڑے،

"یہ بات بھی صحیح ہے، خیر اِس بارے میں رات میں بات کرتے ہیں، اب فلحال تو آپ کُچھ آرڈر کریں، مُجھے بہت تیز بھوک لگی ہے" شاہ ویر نے کہا،

"اوہ بابا جان، آپ میری سیکیورٹی کے لئے پریشان مت ہوں، میں اپنی حفاظت کر سکتی ہو" تبھی ایک لڑکی کال پر بات کرتے ہوئے وہاں آئی تھی، ارید نے دیکھا وہ وہی لڑکی تھی، جسے شاہ فیض اور اُسکے

Posted On Kitab Nagri

فرینڈ پریشان کر رہے تھے، ارید نے اُس کی ڈیٹیل معلوم کی تھی، اُس کا نام ایزل عزیز تھا اور وہ کسی گاؤں سے تھی، وہ اُن سے آگے والی ٹیبل پر بیٹھ گئی تھی،

"آپ کو مُجھ پر اعتبار نہیں ہے" اُس لڑکی کی آواز پر ارید نے غور سے اُسے دیکھا تھا، وہ بلیک ابایا میں مکمّل خود کو ڈھانپے ہوئے تھی، نقاب سے صرف اُس کی آنکھیں نظر آرہی تھی،

"اوکے باباجان، مُجھے اُن سے ملنا ہے، آپ مُجھے اُن کی ڈیٹیل بھیج دیں" وہ لڑکی کہہ رہی تھی،

"بھائی یہ کون ہیں" انفاء نے ارید سے پوچھا،

"یہ ایم. اے. فرسٹ ایئر کی اسٹوڈینٹ ہیں" ارید نے بتایا،

"یہ باقی سب سے الگ ہیں، میں اِن سے فرینڈ شپ کروں" انفاء نے دونوں سے پوچھا،

"آپ کی مرضی ہے" شاہ ویر نے کندھے اُچکائے،

Posted On Kitab Nagri

"پہلے انہیں کال سے فری ہونے دے، پھر فرینڈ شپ کریں گے" اُسنے کہا تو وہ دونوں مُسکرا دیے، وہ تینوں دوبارہ اُس لڑکی کی طرف متوجہ ہوئے،

"جی بِلکُل آج مُجھ سے ایک قتل ہو جانا تھا، اگر میں کلاس سے باہر نا نکلتی" وہ دانت پیستے ہوئے کہہ رہی تھی،

"چھوٹے بابا، مجھے کسی سے فرینڈ شپ کی ضرورت نہیں ہے، مُجھے بس اپنے ٹارگیٹ پر فوکس کرنا ہے" اُس لڑکی کی بات پر اُن دونوں نے انفاء کو دیکھا تھا جو خراب سا مُنھ بنا رہی تھی، وہ دونوں ہنس پڑے،

"نہیں بابا میں اکیلی نہیں ہو میری ٹکس ہے نا میری فرینڈ، اور ویسے بھی یہاں کسی سے فرینڈ شپ کرنے سے بیٹر ہے میں تنہا بیٹھی رہوں، ہر شخص کی آنکھوں سے بیباکی، بے شرمی جھلکتی ہے، اور باتیں تو خُدا کی پناہ، ہر شخص کی سوئی میرے نقاب پر آ کر اٹک جاتی ہے" وہ عاجزی سے کہہ رہی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"نہیں نہیں، اِس کی ضرورت نہیں، میں یہاں بِلکُل ٹھیک ہو آپ پریشان مت ہوں، بس اپنا اور امی جان کا خیال رکھیے گا، اور میرے لیے دُعا کیجئے گا"--

"خُدا حافظ،-----

"بھائی اب میں جاؤ" وہ کال سے فارغ ہوئی تو انفاء نے ارید سے پوچھا،

"اوکے ڈیئر ٹرائی کرلوں، میں کُچھ آرڈر دے دو" ارید نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا، اُس نے کاؤنٹر پر آکر آرڈر دِیا، اور واپس وہیں آگیا، انفاء اُس لڑکی کی ٹیبل پر بیٹھی ہوئی تھی، وہ شاہ ویر کو دیکھ کر ہنس دیا،

"آپ یہاں کے ماحول سے کافی ٹینس لگ رہی ہیں" انفاء اُس سے پوچھ رہی تھی،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

"ٹینس تو نہیں بٹ ایسے ماحول اسٹڈی پاسیبل نہیں ہے، یہ جو کُچھ ہو رہا ہے بہت غلط ہو رہا ہے" ایزل کہہ رہی تھی، ارید اپنی چیئر پر بیٹھ گیا تھا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہم واقعی یہ سب غلط ہو رہا ہے، ہم ابھی اسی بارے میں بات کر رہے تھے" انفاء نے کہا،

"لو بھئی ہو گئی اِن کی فرینڈ شپ" شاہ ویر نے ہنستے ہوئے کہا تو وہ بھی ہنس پڑا، تبھی ویٹر آرڈر لے آیا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"آپ آگے والی ٹیبل پر پوچھے اُنہیں کیا چاہیئے" ارید نے ویٹر سے کہا تو وہ سر ہلاتے ہوئے آگے بڑھ گیا،

"آپ کیا لینگی" ویٹر کے پوچھنے پر انفاء نے ایزل سے پوچھا تھا،

"مجھے کچھ نہیں لینا، مجھے بس ایک سر درد کی ٹیبلیٹ چاہیے، اُن لوگوں کی بکواس نے میرا دِماغ خراب کر دیا ہے، دِل کر رہا تھا ایک ایک کا سر توڑ دو، بٹ میں برداشت کر گئی، بیکار تماشا بنتا، ویسے آپ کون سے ڈیپارٹمینٹ سے ہیں" غصّے سے کہتے کہتے اُسنے دھیمے لہزے میں انفاء سے پوچھا تھا، اُس کے بدلتے انداز پر وہ دونوں مُسکرا دیئے تھے،

"یہ میں بعد میں بتاؤں گی، پہلے آپ مجھ سے فرینڈشپ کریں" انفاء نے کہا تو وہ سوچ میں پڑ گئی، شاہ ویر اور ارید دونوں اُن کی باتیں سُن رہے تھے،

Posted On Kitab Nagri

"اوکے آپ سوچ لیں، میں آپ کے لیئے آئس کریم آرڈر کر رہی ہو، آپ کا غصّہ ایک سیکنڈ میں غائب ہو جائے گا" انفاء نے چُلبُلے انداز میں کہا، اور ویٹر کو آئس کریم لانے کے لئے بولا، تبھی ارید کے سیل پر ظفریاب صاحب کی کال آنے لگی تھی،

"جی دادوں" اُسنے کال رِیسیو کرتے ہی پوچھا،

"آپ اور شاہ ویر آفیس میں آئے" اُنہونے کہا،

"اوکے دادوں ہم آرہے ہیں" وہ کہتے ہوئے کھڑا ہو گیا تھا،

"شاہ ویر دادوں آفیس میں آنے کے لیئے بول رہے ہیں" ارید نے شاہ ویر سے کہا،

"اوکے چلے میرا کام ہو چُکا ہے" وہ خالی کوک کا کین ٹیبل پر رکھتے ہوئے کھڑا ہو گیا،

"انفاء ہم دادوں کے آفیس جا رہے ہیں، آپ وہیں آجایئے گا" ارید نے انفاء سے کہا،

Posted On Kitab Nagri

"اوکے بھائی آپ جائیں، میں آجاؤنگی" انفاء نے کہا تو وہ دونوں کینٹین سے باہر آگئے۔-----

--,-------,--------,-------,-------,-------,---------,-------
-----

آج ایک لڑکی سے اُس کی فرینڈشپ ہو گئی تھی، وہ لڑکی ابھی اُس کے پاس سے اُٹھ کر گئی تھی، اب وہ کینٹین میں اکیلی بیٹھی تھی، تبھی باسم اور بہزاد وہاں آئے تھے،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اوہ تو آپ بھی لیکچر بنک کیے یہاں بیٹھی ہیں، ارے واہ شاہ فیض کا دعویٰ تو سچ نکلا، واقعی یہ دھیرے دھیرے اِس یونیورسٹی کی لڑکیوں کے رنگ میں رنگ رہی ہیں" بہزاد نے اُسے دیکھ کر بڑے بیہودہ پن سے کہا تھا، ایزل کا موڈ ابھی تو سہی ہوا تھا، بہزاد کی بات اُسے پھر غصّہ دِلا گئی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"ویسے ابھی تو آپ بڑے بڑے دعوے کر کے آئی تھی کلاس سے" باسم نے بھی کہا تھا،

"ویسے کس کا ویٹ کر رہیں ہیں آپ" بہزاد نے گھٹیا پن سے پوچھا تھا،

"شٹ اپ، بکواس بند کریں اپنی، یہ بیہودہ باتیں ہی کرنی آتی ہے آپ سے" ایزل کھڑے ہوتے ہوئے غصّے سے چیخیں تھی،اُس کا ضبط جواب دے گیا تھا،

"مُجھے افسوس ہے کہ آپ جیسے لوگ دوسروں کی بہنوں کو پریشان کرنے سے پہلے یہ نہیں سوچتے کہ آپکی بھی بہن ہے، بٹ آپ یہ کیوں سوچیں لگیں، آپ تو شاید اپنی بہن کو بھی ایسے ہی پریشان کرتے ہیں، آپ جیسے گھٹیا لوگوں سے یہی اُمّید کی جا سکتی ہے" ایزل آس پاس کے لوگوں کی پرواہ کئے بغیر اُن دونوں پر برس رہی تھی،

"شٹ اپ ایزل اب آپ حد سے بڑھ رہی ہیں" باسم بھی غصّے سے بولا تھا، اتنے لوگوں کے سامنے اُسے اپنی انسلٹ برداشت نہیں ہوئی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"حد سے تو آپ بڑھ چکے ہیں مسٹر باسم خان، اور پیچھے جو کچھ آپ چھوڑ آئے ہیں، اُسکا احساس بھی نہیں ہے آپ کو، اور یہ جو کچھ آپ کر رہے ہیں یہ فقط آپ کو وقتی خوشی دے گا، وہ خوشی جو صرف چند پلوں کی ہوگی، اور یہ چند پل آپ کی زندگی کا ناسور بن جائیں گے، یہ جس راہ پر آپ چل رہیں ہیں، یہ راہ صرف بربادی کی طرف جاتی ہے، اب تو اِن سب میں آپ کو لذّت محسوس ہو رہی ہے، لیکن ایک وقت ایسا آئیگا، آپ سر پکڑ کر روئیگے، بہت شوق ہے نا آپ کو دوسروں کا دِل دُکھانے کا، دوسروں کے دِل توڑنے کا، اُنہیں ستانے کا، اُنہیں رُلانے کا، دیکھئے گا ایک دِن یہی شوق آپ کو توڑ دیگا، آپکی خوبصورتی کا یہ غرور توڑ دیگا، آپکا یہی شوق بدصورتی کی شکل میں آپ کو ستائے گا، رُلائے گا، اور تب آپ کو وہی سب یاد آئیگا، جو سب آپ جان بوجھکر گوا چکے ہیں" وہ بُری طرح باسم پر برسی تھی، باسم اور بہزاد کے ساتھ ساتھ وہاں موجود سارے اسٹوڈینٹ حیرت سے اُسے دیکھ رہے تھے، اور اُسے تو اب کسی کی پرواہ نہیں تھی، اُسکے اندر تو جیسے ایک لاوا اُبل رہا تھا، جو اب بھی ٹھنڈا نہیں ہوُا تھا، اور شاید ہی ابھی وہ لاوا ٹھنڈا ہوتا، کیوں کہ جب تک اُس کا مقصد پورا نہیں ہوتا اُسے سکون نہیں آنا تھا، اُسے کسی سے کیا وعدہ پورا کرنا تھا، کسی کے آنسوؤں کا حساب لینا تھا، باسم اب بھی حیرت سے اُسے دیکھ رہا تھا، وہ کسی اُلجھی باتیں کر رہی تھی، اُسے کچھ سمجھ نہیں آیا تھا، ایزل ایک قہر بھری نظر اُس پر ڈال کر تیزی سے باہر نِکل گئی، اور باسم، وہ بس سوچتا ہی رہ گیا تھا، کہ کیوں وہ اُسے اتنی باتیں سنا گئی تھی، بٹ اُسے اندازہ نہیں تھا کہ یہ لڑکی اُس کی زندگی میں طوفان لانے والی تھی، وہ طوفان جو اُسے اندر تک توڑ

Posted On Kitab Nagri

دیتا، اُس کا غرور توڑ دیتا، وہ طوفان جو اُسکی زندگی کا رُخ موڑنے والا تھا، اور پتا نہیں اِس طوفان کی زد میں کس کس کو آنا تھا، کتنی زندگیوں کو نئی راہ ملنی تھی، کِتنی زندگیوں کو سنور نا تھا،،-------------,------------,----------,-----------,

--------,---------,---------,---------,--------,--------,--------,-------,

"یہ لڑکی کون ہے، کیو یہ تمہیں اتنی باتیں سُنا گئی ہے" بہزاد اُس سے پوچھ رہا تھا، اور وہ سر جھکائے ایزل کی باتوں کو سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا، شاہ فیض اور روہیل بھی اُن کے ساتھ تھے، وہ لوگ ایک ریسٹورینٹ میں لنچ کے لئے آئے تھے،

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"مُجھے لگتا ہے وہ لڑکی باسم کی کوئی پُرانی فرینڈ ہے جو اِس سے مُحبّت کر بیٹھی ہے، اور اب وہ باسم کو پریشان کرنے کے لئے اپنی پہچان چھپا کر یونیرسٹی آئی ہے، یہ نقاب وہ صرف اپنی پہچان چھپانے کے لیے لیتی ہے" روہیل نے اندازہ لگایا تھا،

"روہیل سہی کہہ رہا ہے، ایسا ہی کُچھ ہو گا" بہزاد نے بھی کہا،

"تو پھر اِس لڑکی کو بینقاب کرتے ہیں، ساری سچّائی سامنے آجائیگی" شاہ فیض نے کہا،

"نہیں یار یہ سہی نہیں ہو گا، اگر ہمارا اندازہ غلط ہوا تو" باسم نے اُن تینوں کو دیکھا،

"تو کیا تھوڑی سی انجوائے مینٹ ہو جائیگی" شاہ فیض نے ہنستے ہوئے کہا،

"اور اِس انجوائے مینٹ کی وجہ سے ہم پر جو ڈانٹ پڑے گی وہ، بھول ابھی پر سو ہی ارید سر نے اُس لڑکی کی وجہ سے ہمیں کتنا ڈانٹا تھا" روہیل نے اُنہیں یاد دلایا،

Posted On Kitab Nagri

"تم اِس کی ٹینشن مت لو، ہم ایسا کُچھ کرینگے، جس میں ہمارا نام بِلکُل بھی نہیں آیگا" شاہ فیض نے شیطانیت سے کہا،

"ایسا کیا کروگے" بہزاد نے پوچھا،

"ہمم وہ میں نے سوچ لیا، تم لوگ بس دیکھتے جانا" اُسنے ہنستے ہوئے کہا،

"مُجھے تو ارسب کرنا سہی نہیں لگ رہا ہے" باسم نے کہا، پتا نہیں کیوں اُس کے مائنڈ میں ایزل کی باتیں جم گئی تھی،

"مُجھے لگتا ہے اِس پر اُس دیسی گرل کی باتوں کا اثر ہوں گیا ہے" شاہ فیض نے ہنستے ہوئے کہا،

"نہیں ایسا کُچھ نہیں ہے" اُس نے جیسے خود کو جھٹلایا تھا، اُسے پتا نہیں کیوں کُچھ بے چینی سی ہو رہی تھی، بٹ یہ کیفِیت بس کُچھ دیر ہی کی تھی، اُسے پھر اُنہی ایکٹیویٹیز میں مگن ہو جانا تھا،-----

Posted On Kitab Nagri

نا جانے کیوں ماں باپ اپنے بچّوں کے لیئے خود کو ختم کر لیتے ہیں، نا جانے کیوں وہ لوگ اُن سے اُمّید لگا بیٹھتے ہیں، جب کہ وہ بچّے جن کے لیئے ماں باپ اپنے سارے خواب داؤ پر لگا دیتے ہیں وہ ایک دِن اُن کے رونے کا سبب بن جاتے ہیں، کاش وہ شخص جان پاتا اُس نے کتنے دلوں کو توڑا ہے، اُسنے کتنے لوگوں کی اُمّیدے توڑی ہیں، کاش وہ شخص جان پاتا کہ وہ شخص اپنے باپ کا ہی قاتل ہے، وہ شخص اپنی ماں کا گنہگار ہے، ایک بہن کا گنہگار ہے جو ایک راز سالوں سے اپنے سینے میں چھپائے ہوئے ہے، جانے کتنی آنکھوں میں اُس شخص کے لیے آنسو آئے ہونگے، جانے کتنے دلوں نے اُس شخص کو پُکارا ہو گا، اور ایک حستی جو صبح شام اُس شخص کے لئے دُعا کرتی ہے، جانے کتنی بار اُس حستی نے اُسے پُکارا ہو گا، اور وہ شخص تو خود میں مگن تھا، اُسے تو اپنے پیچھے رہ جانے والوں کی کوئی ضرورت ہی نہیں تھی، اُنکی کوئی فِکر ہی نہیں تھی، وہ لون میں کونے میں رکھی ایک بینچ پر بیٹھی خود کو نورمل کرنے کی کوشش کر رہی تھی،

Posted On Kitab Nagri

وہ کیسے یہ سب کر پائے گی، کیسے اُسے احساس دِلا پائے گی، اُسے تو جیسے کُچھ یاد ہی نہیں تھا، وہ اِس وقت ایسی زندگی جی رہا تھا، جس کا کوئی مقصد ہی نہیں تھا، ایسی زِندگی جس کی کوئی منزِل ہی نہیں تھی، اِس راہ پر چل کر جانے اُس نے کتنی زندگیوں کو برباد کیا ہو گا، جانے کتنے دِل ٹوڑے ہونگے، شاید اُسے خود بھی معلوم نہیں ہو گا۔۔۔

"میں نے انفاء کا ایڈ مشن کرا دِیا ہے، آپ دونوں کو اُنکی ایگزیم کی تیاری کرانی ہے" ظفریاب صاحب نے اُن دونوں سے کہا تھا،

"اوکے دادوں ہم کرا دینگے اُن کی تیاری" شاہ ویر نے کہا،

"ارید آپ اپنا پیریڈ شیڈیول سیٹ کر لیجئے گا، کل سے آپ کلاس لینگے" ظفریاب صاحب نے ارید سے کہا، تو وہ ہاں میں سر ہلا گیا،

"شاہ فیض نے آج تو کوئی حرکت نہیں کی" اُنہوں نے پوچھا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ڈاکٹر کو بُلایا گیا تو انہوں نے بتایا کہ اُن کو ہارٹ اٹیک آیا ہے، ڈاکٹر نے اُنہیں فوراًہاسپِٹل لے جانے کے لئے بولا، بٹ اُنہونے منا کر دِیا کہ وہ ہاسپٹل نہیں جائیںگے، اُن کی بیوی روتے ہوئے اُن سے پوچھ رہی تھی کہ وہ تو اپنے بیٹے سے مِلنے گئے تھے، وہ کیسا ہے، تب اُنہونے بس--- اتنا کہا کہ------اُن کا بیٹا مر---------چُکا ہے" یہ کہتے ہوئے ایزل کی آواز بھرّا گئی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"اور اِس کے ساتھ ہی۔۔۔۔۔۔اُنہیں ایک اور۔۔۔۔۔۔اٹیک آیا اور۔۔۔۔۔۔۔سب کُچھ وہی۔۔۔۔۔ختم ہو گیا" ایزل نے بڑی مُشکِل سے اپنی بات پوری کی تھی، آنکھوں میں جیسے آنسوؤں کی دُھند سی چھا گئی تھی، ہول میں بیٹھے سارے لوگ ساکِت تھے، اور ایک شخص تو جیسے سُن ہی ہوں گیا تھا، ایزل نے پہلی لائن میں شاہ فیض کے برابر میں بیٹھے باسم کو دیکھتے ہوئے گہری سانس لی تھی، وہ بھی اُسے ہی دیکھ رہا تھا، ایزل کے دیکھتے ہی وہ جیسے زمین میں گڑ گیا تھا، وہ ایک دم ہی نظرے جُھکا گیا،

"سوری میں اپنے آنسوؤں پر قابو نہیں کر پائی" ایزل نے آنسو صاف کرتے ہوئے معذرت کی،

"آپ سب کو لگ رہا ہو گا کہ یہ فقط ایک اسٹوری ہے، ایک رچی ہوئی اسٹوری، بٹ یہ کوئی اسٹوری نہیں ہے، یہ حقیقت ہے، اُس شخص کی حقیقت جو دُنیا کی رنگینیوں میں کھو کر سب کُچھ بُھول چُکا ہے، اپنا پاسٹ، اپنے ماں باپ، اپنی بہنے، سب کُچھ، آپ سب کو معلوم ہے اُن کے گھر کی حالت آج کیا ہے، اُن کی بیوی ایک ابنارمل زِندگی گُزار رہی ہے، وہ آج بھی اپنے شوہر اور بیٹے کا اِنتظار کر رہی ہیں، اُن کی بڑی بیٹی گھر گھر نوکری کر کے اپنے اخراجات پورے کر رہی ہے، اور اپنی ماں کی بیماری کا عِلاج

Posted On Kitab Nagri

کرا رہی ہے، اُس بیماری کا عِلاج جس بیماری کا کوئی عِلاج ہی نہیں ہے، اُس بیماری کا عِلاج اُن کا بیٹا ہے، لیکِن وہ بیٹا تو کھو چکا ہے اب اُسے کہاں ڈھونڈیں گی وہ" ایزل کُچھ دیر خاموش ہوئی تھی،

"آپ لوگوں سے میری ایک گُزارش ہے، آپ سب اپنے ماں باپ کے جذبات کا قتل مت کریں، آپ سے اُن کی بہت ساری اُمّیدیں وابستہ ہیں، اُن کی اُمّیدوں اُن کے خوابوں کو پورا کرنے کی کوشش کریں، اور ایک بار بس ایک بار خود پر غور کریں کہ آپ کیا ہیں، اور اگر وقت مِل جائے تو ایک بار غور سے اپنے ماں باپ کا چہرہ بھی دیکھ لیا کریں، تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ آپ کا فیوچر بناتے بناتے وہ اندر سے کتنا ٹوٹ چُکے ہیں، اور اب میں اپنی بات ختم کرتے ہوئے آپ سے معذرت چاہتی ہو، اگر آپ کو میری کوئی بات بُری لگی ہوں تو پلیز معاف کر دیجیئے گا، اور میں آپ سب کی اجازت سے اپنی امی بابا کے لئے کُچھ کہنا چاہتی ہو، یقیناً وہ مُجھے سُن رہے ہونگے" ایزل نے اسٹیج پر ہی صوفے پر بیٹھے ظفریاب صاحب کو دیکھتے ہوئے جیسے اجازت مانگی،

"ایزل بیٹا آپ کہیئے کیا کہنا چاہتی ہیں، آپ کے امی بابا کے ساتھ ساتھ ہم بھی ہم تن گوش ہیں" ظفریاب صاحب نے مُسکراتے ہوئے کہا تو اُن کی بات پر وہ بھی مُسکرا دی،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"یہ میری نظم دُنیا کے ہر ماں باپ کے لئے ہے، جو اپنی اولاد کے لئے اپنی خوشیاں بھی قربان کر دیتے ہیں" ایزل نے کہتے ہوئے نظم کی شروعات کی تھی،

"یہ چہرہ، یہ آنکھیں،
یہ خوشبو، یہ آنچل،
یہ سایہ، یہ بادل،
میرے پاس ہے-------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ دولت، یہ شہرت،
یہ ممتا، یہ شفقت،
یہ دُنیا، یہ جنّت،
میرے پاس ہے-------

Posted On Kitab Nagri

اللہ کی رحمت،

یہ تو حفا، یہ نعمت،

ہے بخشا جو اُس نے،

تیرا ساتھ ہے------

ہے آنکھوں کی ٹھنڈک،

ہے چہرے کی رونق،

میرے دِل کی حسرت،

تیرا ساتھ ہے-------

آئے جو مُشکِل،

Posted On Kitab Nagri

توڑ جائے یہ دِل،

مگر مُجھ کو حاصل،

تیرا ساتھ ہے--------

میرا حوصلا ہے،

جو تُجھ سے مِلا ہے،

میرے پاس ہے تُو،

میرے پاس ہے،

تیرا ساتھ ہے،

تیرا ساتھ ہے-------------،-----------------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایزل نے اپنی خوبصورت آواز میں نظم پوری کی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"آپ سب کا بہت بہت شُکریہ آپ سب نے دِھیان سے مُجھے سُنا" اینڈ میں ایزل نے اُن سب کا شُکرِیہ کیا تھا، پورے ہول میں ایک خاموشی تھی، سب لوگ جیسے کہی کھوئے تھے،

"واہ ایزل آپ نے کمال کر دِیا، آپ نے تو اِن سب کو اتنا ایموشنل کر دِیا یہ لوگ تو کلیپِنگ کرنا ہی بُھول گئے" اناؤنسر نے ہنستے ہوئے کہا تھا، پھر ظفریاب صاحب نے کلیپِنگ کی تھی، اور اِس کے ساتھ ہی پورا ہول کلیپِنگ کی آواز سے گونج گیا، ایزل نے سامنے دیکھا جہاں پہلے باسم بیٹھا تھا بٹ اب تو وہاں کوئی بھی نہیں تھا، پتا نہیں وہ کب وہاں سے اُٹھ کر گیا ہو گا،

"ایزل آپ نے واقعی کمال کر دِیا، آپ کی اسپیچ بہت اچھی تھی، آپ نے سبھی کو ایموشنل کر دِیا" صداقت علوی نے بھی اُس کی تعریف کی تھی،

"تھینک یو سر" وہ کہتے ہوئے اسٹیج سے اُتر گئی،

Posted On Kitab Nagri

"اور اب اپنے خیالات ہم تک پہنچانے کے لیے آرہے ہیں، شاہ فیض صداقت علوی" اناؤنسر نے کہا تھا، پھر شاہ فیض کی اسپیچ ہوئی اور اُس کی بات سیاست سے لیکر سیاست پر ہی ختم ہو گئی،

اور جب وِنر کا نام اناؤنس کرنے کا وقت آیا تو سارے اسٹوڈینٹ بہت اکسائیٹید تھے، اناؤنسمینٹ نے سسپینس پھیلانے کی کوشش کی تھی،

"اِس کمپٹیشن میں جیت حاصل کی ہے شاہ فیض صداقت۔۔۔۔ اناؤنسمینٹ نے بات ادھوری چھوڑ کر مُسکراتے ہوئے سب کو دیکھا تھا،

"شاہ فیض صداقت کو ہرانے والی ایک بہادر لڑکی ایزل عزیز نے" اناؤنسر نے سسپینس پھیلاتے ہوئے اناؤنس کیا تھا، شاہ فیض صاحب اٹھتے اٹھتے بیٹھ گئے تھے، اُس کے فرینڈز کو سانپ سونگھ گیا تھا، ہول میں ایک بار پھر ہوٹنگ کے ساتھ کلیپِنگ کی آواز گونج گئی،

Posted On Kitab Nagri

"ایزل عزیز پلیز کم آن دی اسٹیج" ایزل اسٹیج پر پہنچی اور ایک بار پھر ہول کلِپنگ کی آواز سے گونج اٹھا، ظفریاب صاحب نے اُسے خود میڈل اور ٹرافی دی تھی،

"ایزل بیٹا آپ نے آج اِس کمپٹیشن کے ساتھ ساتھ پوری محفل کا دِل جیت لیا، میں تو آپ کا فین ہو گیا ہُوں" ظفریاب صاحب نے مُحبّت سے کہتے ہوئے اُسکے سر پر ہاتھ رکھتے پیار دِیا تھا،

"اچھّا ایزل آپ یہ بتائیں، یہ جیت حاصل کرنے کے بعد کیسا محسوس ہو رہا ہے" اناؤنسر نے ایزل سے پوچھا تھا،

"ظاہر سی بات ہے سر خوشی ہو رہی ہے، لیکن زیادہ خوشی تب ہوگی جب کوئی ایک اِنسان بھی میری اِس اسپیچ کو سُن کر اسے سمجھنے کی کوشش کریگا، اور اِس پر عمل بھی کریگا، سچ میرے لئے اصل میڈل بھی ہو گا" ایزل نے مُسکراتے ہوئے کہا،

"یہ میڈل آپ کو ضرور مِلے گا" اناؤنسر نے ہنستے ہوئے کہا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"یا اللہ، میرے یہاں آنے کا مقصد پورا ہو جائے" اُس نے دِل ہی دِل میں دُعا کرتے ہوئے اعتراف نے نظر ڈالی تھی، باسم یہاں کہیں بھی نہیں تھا، پتا نہیں بو کدھر گیا تھا،

------------,---------

----------,-------,--------,-------,-------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ احساس کتنا تکلیف دہ ہوتا ہے کہ ہمارے کسی عزیز کی جان ہماری وجہ سے گئی ہو، ایسا تو اُس نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا، وہ اُن لوگوں سے غافِل ضرور ہوا تھا لیکِن اُنہیں بُھولا تو نہیں تھا، اُسے لگا تھا کہ اُس کے بابا نے اُسے یہاں بھیج کر اُس کے خرچ سے اپنی جان چُھڑالی، بلکہ یہ بات شاہ فیض اور بہزاد نے اس کے مائنڈ میں ڈالی تھی کہ اُس کے بابا نے اُسے یہاں بھیج کر اُس سے جان چُھڑائی ہے، اور وہ کتنا بیوکوف، کم عقل اور کمزرف تھا، اُن لوگوں کی باتوں میں آ گیا، یہ بھی نہیں سوچا کہ اُس کے بابا نے اُس

Posted On Kitab Nagri

کے لیے اپنے آپ کو بھی بیچ دیا، اُس کے لیے زندگی سے لڑے اور اس کی وجہ سے اِس دُنیا سے بھی چلے گئے، وہ کیسا بیٹا تھا، اپنے مرے ہوئے باپ کا چہرہ بھی نہیں دیکھ پایا، اُن کے جنازے کو کاندھا بھی نہیں دے پایا، وہ کتنا بدنصیب بیٹا تھا، جانے اُس کی ماں کیسی ہو گی، اُس کی بہنوں کی کیا حالت ہو گی، ساڑھے تین سال ہو چکے تھے اُسے اُن لوگوں سے ملے ہوئے، اِن ساڑھے تین سالوں میں کیا کچھ نا گزری ہو گی اُن پر، اور وہ کچھ نام کے دوستوں کی باتوں میں آکر اُن لوگوں کو بھول گیا، پلٹ کر اُن کا حال بھی نہیں پوچھا، یہ سوچتا رہا کہ وہ اُسے بھول گئے ہیں، لیکن اب پچھتانے سے کیا فائدہ تھا، سب کچھ تو ختم ہو گیا تھا، اُس کی وجہ سے اُس کے بابا موت کے گلے جا لگے تھے، اُس کا دِل کیو نہیں ٹڑپا اُن کے لیے، کاش وہ ایک بار ہی گاؤں جا کر دیکھ لیتا، وہ سوچ رہا تھا کہ کاش وہ وقت لوٹ آئے، لیکن وقت تو کبھی واپسی کی راہ تے نہیں کرتا ہے، وہ اسی رفتار سے ہمیشہ آگے کی اور چلتا ہے، بس یہ ایک لفظ ہی ہے جو پیچھے رہ جاتا ہے، کاش، کاش اور بس کاش،-------- اور اُس کے ساتھ بھی یہی ہوا تھا، ہم کچھ غلطیاں ایسی کر دیتے ہیں، جن کی کبھی بھرپائی نہیں کی جاسکتی، وہ ہمارے لئے ایک ناسور بن جاتی ہے، اور یہی لفظ ہمارے مائنڈ میں ہمیشہ رہتا ہے، کاش، کاش اور بس کاش،------ اِس کاش کا کوئی مینِنگ نہیں ہے، کوئی سولیوشن نہیں ہے،------

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

"نہ جانے کتنے ہی کاش ہیں میری زندگی میں شامل،

کہ بس وہ چند لمحے تھے میری زِندگی کا حاصِل"

________،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،،________

Posted On Kitab Nagri

----------,---------,---------,--------,-----

فنکشن ختم ہو گیا تھا، تقریباً سارے اسٹوڈینٹ جا چُکے تھے، ایزل اور انفاء کو بھی اُس نے شاہ ویر کے ساتھ گھر بھیج دِیا تھا، کوریڈور سے گزرتے ہوئے اس نے لائبریری کی سیڑھیوں پر باسم کو بیٹھے دیکھا وہ اسی کی طرف آ گیا،

"آپ یہاں اکیلے کیو بیٹھے ہیں" ارید نے اس سے پوچھا، باسم نے چونک کر اُسے دیکھا تھا،

"سر آپ کب آئے" اُس نے ایک دم پوچھا تھا، ارید کو اُس کی آواز بھاری محسوس ہوئی تھی، شاید وہ روتا رہا تھا،

"باسم یہاں سے اُٹھے، دیکھیں سب لوگ جا چُکے ہیں، آپ بھی چلیں" ارید نے اس سے کہا،

Posted On Kitab Nagri

"جاؤنگا بھی کہاں میں، سب کُچھ تو بِکھر گیا، ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے" وہ خود بھی بِکھرا ہوا تھا، ارید کو بے حد افسوس ہوا تھا،

شاید وہ اپنے بابا کی ڈیتھ سے انجان رہا تھا، اُس نے افسوس سے سوچا تھا، ارید وہی اُس کے پاس ہی بیٹھ گیا،

"ابھی کُچھ نہیں بِکھرا، آپ اپنی مما کے لیے جائیں، اپنی بہنوں کے پاس جائیں" ارید نے اُس سے کہا، تو اُسے حیرت سے اُسے دیکھا تھا،

"مُجھے سب معلوم ہے آپ کے بارے میں، ایزل نے مُجھے سب کُچھ بتا دِیا تھا" ارید نے اُسے بتایا،

"ایزل کو کیسے معلوم ہوا، اُنہیں معلوم ہے میری فیملی کہاں ہے" اُس نے بیتابی سے پوچھا تھا،

"وہ ایزل کے پاس ہیں، اُنہیں کے گھر پر ہیں، میں آپ کو ایڈریس دونگا، آپ کل اپنی فیملی کے پاس جایئے گا، اور اب یہاں سے اُٹھے شام ہو چُکی ہے" ارید نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا تو وہ بھی کھڑا ہو گیا،

Posted On Kitab Nagri

"پلیز سر آپ ابھی مجھے ایڈریس دے دیں، مجھے ابھی جانا ہے "اُس نے بیتابی سے کہا تھا،

"اب اندھیرا ہونے والا ہے, کل چلے جایئے گا" ارید نے اس سے کہا،

"اندھیرا تو میری زندگی میں بھی ہو گیا ہے، یہ اندھیرا کیا کہیگا مجھے، پلیز سر مجھے ابھی جانا ہے "اُس نے کہا تھا،

"اوکے آپ میرے آفیس میں چلیں، میں انکل کو بھی کال کر دونگا کہ آپ اُنکی طرف آرہے ہیں" ارید نے کہا تو وہ اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگا،
ارید کو وہ بہت زیادہ اپسیٹ لگ رہا تھا، ارید نے باسم کو ایڈریس دِیا تھا اور اُسے اپنی گاڑی کی چابی بھی دی تھی، رات کافی ہو گئی تھی، اُسے گاؤں کے لئے کوئی سواری نہ مِل پاتی، ارید نے عزیز صاحب کو بھی بتا دِیا تھا کہ باسم اُن کی طرف آرہا ہے، وہ ابھی ایزل کو بتانا نہیں چاہتا تھا، وہ اُسے سرپرائز دینا چاہتا تھا، یقیناً وہ بہت زیادہ خوش ہوتی اپنی کامیابی پر،-------,----------

Posted On Kitab Nagri

---------,---------,---------,------,-------

ابھی اُس کی عزیز صاحب سے بات ہوئی تھی، اُنہوں نے بتایا تھا کہ باسم رات ہی گاؤں آگیا تھا اپنی فیملی کے پاس تھا، اُسے خوشگوار حیرت ہوئی تھی یہ سُن کر، وہ کامیاب ہو گئی تھی، وہ یہ سوچ رہی تھی کہ باسم کو اُس کے گاؤں کا ایڈریس کِس نے دیا ہو گا، کیوں کہ کل پرفارمینس کے بعد تو وہ اُسے نظر ہی نہیں آیا تھا، اور آج وہ یونیورسٹی میں بھی نہیں تھا، شاید ارید نے اُسے بتایا ہو، وہ ایکسائٹیڈ سی پہلا لیکچر بنک کر کے، کُچھ بھی سوچے سمجھے بغیر انفاء کے ساتھ ارید کے آفیس کی طرف آگئی، اُس نے ڈوڑ پر ہلکی سی دستک دی تھی،

"یس کم اِن" اندر سے ارید کی آواز آئی تھی، وہ دونوں اندر آگئی، ارید اُنہیں دیکھ کر حیران ہوا تھا، اُس نے واچ دیکھی، یہ تو اُن کا لیکچر کا ٹائم تھا،

Posted On Kitab Nagri

"آپ دونوں اِس وقت یہاں کیوں آئی ہیں، پروفیسر اقبال اب تک کلاس میں نہیں آئے" اُس نے اُن دونوں سے پوچھا،

"پروفیسر اقبال تو آگئے ہیں، بٹ آج ہمارا لیکچر لینے کا موڈ نہیں ہے" انفاء بڑے آرام سے کہتے ہوئے چیئر پر بیٹھ گئی تھی،

"ایزل آپ بتائیں کیو آئے ہیں آپ دونوں" ارید نے انفاء کے پیچھے چیئر تھامے کھڑی ایزل سے پوچھا،

"مجھے آپ سے کچھ پوچھنا ہے" اُس نے کچھ گڑبڑا کر کہا، وہ بغیر سوچے سمجھے آتو گئی تھی، بٹ اب پچھتا رہی تھی،

"ایزل آپ بھائی سے ڈر کیو رہی ہیں، اور بھائی آپ بھی ایسے تفشیش کر رہے ہیں، جیسے ہم نے کوئی جُرم کیا ہے، آپ کے آفیس میں ہی تو آئے ہیں، ڈرائے تو نہیں" انفاء کی زبان چل پڑی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"آپ ڈرنے والی تو نہیں ہیں" ارید نے کہا،

"میں نہیں ایزل تو ڈر رہی ہیں نا" اُس نے ایزل کو دیکھتے ہوئے کہا، اُس کے کہنے پر ارید نے ایزل کو دیکھا وہ واقعی سر جُھکائے اُنگلیاں مروڑ رہی تھی،

"اچّھا ائزل آپ بیٹھے اور پوچھے کیا پوچھنا تھا آپ کو" ارید نے اُس کے لیے چیئر سیدھی کرتے ہوئے کہا، تو وہ چیئر پر بیٹھ گئی,

"پہلے چائے منگائے" انفاء نے ایک دم فرمائش کی،

"انفاء آپ خاموش نہیں رہ سکتی کُچھ دیر، ایزل کو بات کرنے دیں" ارید نے اُسے ڈانٹا،

"میں نے کیا کہا، چائے ہی تو مانگی ہے" اُس نے معصومیت سے کہا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"آپ کو چائے پینی ہے تو دادوں کے آفیس میں جائیں، یہاں آپ کو چائے نہیں مِلے گی، ویسے بھی لیکچر تو آپ دونوں مِس کر چکی ہیں" ارید نے ٹائم دیکھتے ہوئے کہا،

"اوکے آپ دونوں بات کرے، میں چلی چائے پینے" انفاء کہتے ہوئے کھڑی ہو گئی،

"آپ کُچھ کہینگی یا آپ کو بھی چائے چاہیئے" انفاء کے جانے کے بعد ارید نے اُس سے پوچھا،

"نہیں، مُجھے آپ کو بتانا تھا کہ ابھی بابا جان کی کال آئی تھی" اُس نے کُچھ کنفیوز سے انداز میں بتایا، وہ خود نہیں سمجھ پا رہی تھی وہ اتنی کنفیوز کیوں ہو رہی تھی،

"آپ کو یہ بتانا تھا، ابھی تو آپ کہہ رہی تھیں، آپ کو کُچھ پوچھنا ہے" ارید نے کہا تو ایزل نے کُچھ گڑبڑا کر اُسے دیکھا تھا، وہ مُسکرا رہا تھا،

"مُجھے معلوم ہے، آپ کو کیا پوچھنا ہے، باسم کو میں نے ہی ایڈریس دِیا تھا، میں نے ہی اُنہیں جانے کے لئے بولا تھا" ارید نے اُسے بتایا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"پھر آپ نے مجھے بتایا کیوں نہیں" اُس نے پوچھا،

"میں آپ کو سرپرائز دینا چاہتا تھا، بٹ اب انکل بتا چکے ہیں تو میں آپ کو یہ بھی بتا دوں کہ کل ہم آپ کے گاؤں جائیںگے" ارید نے اُسے بتایا،

"واقعی" وہ ایک دم خوش ہوتے ہوئے بولی،

"ہمم واقعی، اور ایک بات مجھے آپ سے پوچھنی ہیں" ارید نے کہا تو ایزل اُسے دیکھنے لگی،

"وہ کیا" ایزل نے پوچھا،

"دادوں آپ کے گھر میرا پرپوزل لیکر جانا چاہتے ہیں، میں چاہتا ہوں کہ آپ سے پوچھ کر ہم ایسی کوئی بات کریں، اگر آپ کو کوئی اعتراض ہے تو آپ بیجھجھک کہہ سکتی ہیں، میں دادوں کو منع کر دونگا، وہ

Posted On Kitab Nagri

آپ کے گھر ایسی کوئی بات نہیں کرینگے" ارید کی بات اُس کی اُمّید کے خلاف تھی، وہ حیرت سے ارید کو دیکھ رہی تھی،

"ایزل آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں" ارید نے دوبارہ پوچھا،

"سر اِس بارے میں اب تک میں نے کُچھ نہیں سوچا، اور ویسے بھی یہ بابا جان کا ڈیپارٹمینٹ ہے، میں اِس بارے میں کُچھ سوچنا بھی نہیں چاہتی، جو کُچھ کرینگے بابا جان کرینگے، مُجھے اُن کے کسی بھی فیصلے پر کوئی اوبجیکشن نہیں ہوگا" ایزل نے سر جھکائے ہوئے بڑی مُشکِل سے جواب دیا، تو یہ وجہ تھی جو وہ آج ارید کی نظروں سے کنفیوز ہوں رہی تھی،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"سر اب میں جاؤ" اُس نے ایک دم کھڑے ہوتے ہوئے کنفیوز سے انداز میں پوچھا، ارید جو بہت دیر سے اُس کے چہرے کے ایکسپریشن سمجھنے کی کوشش کر رہا تھا، اُس کے چہرے پر گھبراہٹ دیکھ کر ہنس پڑا، ایزل نے حیرت سے اُسے دیکھا لیکِن ارید کو اپنی طرف دیکھتا پاکر ایک دم نظرے جُھکا گئی، ارید کی مُسکراہٹ گہری ہو گئی،

Posted On Kitab Nagri

"اوکے آپ جائیں اور نیکسٹ لیکچر بنک مت کیجئے گا" ارید نے کہا تو وہ تیزی سے آفس سے باہر نکل آئی، اپنے پیچھے ارید کی ہنسی اُس نے صاف سُنی تھی، ارید کی باتوں نے اُسے کافی کنفیوز کر دیا تھا، ایسا کُچھ تو اُس نے سوچا ہی نہیں تھا۔-----------

-------,------,------,-------,--------,------,-----,

ارید نے ظفریاب صاحب کو صداقت علوی کے بارے میں سب کُچھ بتا دِیا تھا، اور فیصلہ اُن پر چھوڑ دِیا تھا کہ کیا کرنا ہے، اِس کیس میں پولیس کو انولو کرنا ہے یا نہیں، ظفریاب صاحب نہیں چاہتے تھے کہ پولیس یا کسی اور کو یہ بات معلوم ہوں، اِس لیے اُنہوں نے ارید کو کُچھ بھی کرنے سے منا کر دِیا تھا، اُنہوں نے کہا تھا کہ وہ خود اُن کو یونیورسٹی سے جانے کا کہیں گے، اور آج اسی وجہ سے اُنہوں نے صداقت علوی کو اپنے آفس میں بُلایا تھا، جو بھی صداقت علوی کے ساتھ اِن سب کاموں میں شامِل تھا، اُنہیں تو پہلے ہی ارید فارِغ کر چُکا تھا، بس صداقت علوی سے اُس نے کُچھ نہیں کہا تھا، آفس میں ظفریاب

Posted On Kitab Nagri

صاحب، ارید، شاہ ویر اور صداقت علوی بیٹھے تھے، ظفریاب صاحب نے اُن سے اِس بارے میں پوچھا تھا، اور جواب میں وہ سر جھکائے بیٹھے تھے،

"صداقت یہ سب کیا ہے، مجھے آپ سے یہ اُمّید نہیں تھی کہ آپ ایسا کُچھ کرینگے، آپ کی ساری گیر قانونی حرکتوں کے ہمارے پاس پکّے پُروف ہیں، اب آپ ہی بتایئے آپ کے ساتھ کیا کریں، آپ کے اوپر بہت بڑا کیس بنے گا اِن سب کے لئے، اور ہو سکتا ہے آپ کی ساری پراپرٹی بھی ضبط کر لی جائے" ظفریاب صاحب نے اُنہیں دیکھتے ہوئے سنجیدگی سے کہا تھا، اُنہیں اِس بارے میں سُن کر بہت دُکھ پہنچا تھا، پندرہ سالوں سے اُن کی یونیرسٹی غلط کاموں کے لیے یوز کی جا رہی تھی، اور وہ اِس سے بے خبر تھے، صداقت علوی اب بھی خاموش تھے،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"دیکھیں انکل ہم ایسا کُچھ نہیں کرنا چاہتے، اِس سے آپ کی تو بدنامی ہو گی ہی ساتھ ہی ہمارے خاندان کی بھی بدنامی ہو گی، اِس لیے یہی بہتر ہے کہ آپ خاموشی سے خود ہی یونیرسٹی سے رِزائن دے دیں" ارید نے دوں ٹوک لہجے میں کہا تھا،

"ویسے انکل آپ نے یہ سب کیا کس کے لئے ہے" شاہ ویر نے طنزیہ انداز میں پوچھا تھا،

Posted On Kitab Nagri

" ظاہر ہے اپنے اُس نالائق بیٹے کے لئے، مُجھے بے حد افسوس ہے صداقت، آپ یہ پراپرٹی اور دولت بنانے کے بجائے اپنے بیٹے کی اچّھی تربیت کر لیتے، اُس کا فیوچر بناتے، اُسے اچّھا اِنسان بناتے، تو آج آپ ایسے شرمِندہ نہیں بیٹھے ہوتے، آپ کا بیٹا اِس قابل بھی نہیں ہے کہ وہ ایگزیم دے سکے، آپ ہمیشہ شاہ فیض کی غلطیوں پر پردہ ڈالتے آئے ہیں، لیکن میں ایسا نہیں کر سکتا، اِس لیے یہی بہتر ہو گا کہ آپ شاہ فیض کو کسی دوسری یونیورسٹی میں بھیج دیں، وہ اپنے ساتھ ساتھ دوسرے اسٹوڈینٹ کی بھی لائف برباد کر رہے ہیں، میری ایک ایڈوائزر ہے، اب آپ اُن پر دِھیان دیں ورنہ وہ بِلکُل برباد ہو جائے گے " ظفریاب صاحب نے کہا تھا، صداقت علوی شرمِندہ سے سر جھکائے ہوئے بیٹھے تھے،

" آئی ایم سوری، چچا جان واقعی میں غلطی پر تھا، اصل دولت تو اچّھی اولاد ہوتی ہے، وہی ہماری پروپرٹی ہوتی ہے، میں بہت بدنصیب ہو، اِس دولت سے محروم ہو، تھینک یو سو مچ چچا جان آپ نے میرے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا" صداقت علوی ٹوٹے لہِزے میں بولے تھے،

" اِٹس اوکے، آئی ہوپ، اب آپ جو کُچھ کریںگے حلال طریقے سے کریںگے " ظفریاب صاحب نے کہا تو وہ کھڑے ہو گئے، اور ٹوٹی ہوئی چال کے ساتھ آفیس سے باہر نکل گئے،

Posted On Kitab Nagri

سچ ہے اِنسان دُنیاوی دولت کلیکٹ کرنے کے چکّر میں اپنے ساتھ ہی زِیادتی کر جاتا ہے، اپنی اولاد کے لئے وہ یہ سب کُچھ کرتا ہے لیکِن اولاد کی اچّھی تربیت کرنا بُھول جاتا ہے، اصل دولت تو یہی ہوتی ہے جو کُچھ عیش و عِشرت وہ اپنی اولاد کو دیتے ہیں اُن سب سے بڑھکر، مگر افسوس وہ سمجھ نہیں پاتے اور جب وقت ہاتھ سے نِکل جاتا ہے، تب سر پکڑ کر روتے ہیں کہ کاش ہم پہلے اِس پر غور کر لیتے، جب اُن کی اولاد اُنکا سر جُھکا دیتی ہے، اُنہیں کسی سے نظرے مِلانے کے قابِل بھی نہیں چھوڑتی، تب اُس وقت وہ دولت اُن کے کسی کام نہیں آتی جس کے لیے جانے کتنے مظلوموں کے حق مارے گئے ہوں، جانے کتنے لوگوں کی آنکھوں میں آنسوں آئے، کوئی دولت کام نہیں آتی، سب بیکار ہو جاتی ہے،-------------

---,--------,------,------,--------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ دونوں ظفریاب صاحب کے ساتھ اسٹڈی رُوم میں یونیرسٹی کے ایگزیم شیڈیول کے بارے میں ڈِسکس کر رہے تھے، تبھی باہر سے چیخوں کی آواز آئی تھی، وہ تینوں ایک دم گھبرا کر باہر آئے تھے، ایزل اور انفاء دونوں باہر سِٹینگ رُوم میں رکھے سوفو کی پُشت پر کھڑی چیخ رہی تھیں،

"انفاء، ایزل کیا ہوُا ایسے کیو چیخ رہی ہیں آپ دونوں" شاہ ویر نے حیرت سے دونوں سے پوچھا تھا،

"بھائی پیچھے ہٹیں دیوار سے وہاں چِھپکلی ہے" انفاء نے دیوار کے پاس کھڑے ارید سے کہا،

"اوہ آپ دونوں بھی، ہمیں ڈرا دِیا بیکار میں، اِس چِھپکلی کے اعجاز میں چیخا جا رہا تھا، ایزل آپ پر بھی انفاء کا اثر ہو گیا ہے" شاہ ویر نے ایزل سے پوچھا تھا،

"ہم بیکار میں نہیں چیخ رہے تھے، وہ چِھپکلی ہمیں ہی دیکھ رہی تھی" انفاء نے مُنھ بناتے ہوئے کہا،

"جی بالکل دیکھ رہی ہو گی کہ یہ میری ایلڈر سسٹر اچانک ہی کہاں سے آ گئی" شاہ ویر نے اُسے چِھڑانے کے لیے کہا،

Posted On Kitab Nagri

"جی اب یہ آپ کو دیکھ رہی ہے اور سوچ رہی ہے کہ یہ میرے نانا ڈائناسور کہا سے آ گئے اچانک" اُس نے جوابی کارروائی کی تھی،

"آپ دونوں کوئی موقع ہاتھ سے مت جانے دینا ایک دوسرے پر فائرنگ کرنے کا، اور یہ کیا آپ دونوں جوتے پہنے ہوئے صوفے پر کھڑی ہیں، نیچے اُترے" ارید نے اُن دونوں سے کہا،

"نہیں پہلے چھپکلی کو بھگائے" دونوں نے ایک ساتھ کہا،

"آپ دونوں نیچے اُترے اور میرے ساتھ لون میں چلے باہر بہت اچّھا موسم ہو رہا ہے، یہ دونوں یہاں سے چھپکلی بھگا دینگے، اور ہم شطرنج کھیلیں گے" ظفریاب صاحب نے ہاتھ پکڑ کر اُن دونوں کو صوفے سے نیچے اُتارا تھا،

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

Posted On Kitab Nagri

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

"یاہو چلے دادوں، اور آپ دونوں جلدی سے یہ چھپکلی بھگائے" انفاء اُنہیں آرڈر دیتے ہوئے بھاگتے ہوئے باہر نِکل گئی، اُس کے پیچھے ظفریاب صاحب اور ایزل بھی چلے گئے تھے،

"چلو بھئی لائف ٹائم یہ ڈیوٹی نِبھانے کے لئے کمر کس لیں، ہم دونوں کو ہی چھپکلی بھگانے کے لئے پریکٹس کی ضرورت ہے" شاہ ویر نے ایک بناوٹی آہ کے ساتھ کہا تو ارید بیساختہ ہنس پڑا،

Posted On Kitab Nagri

"یہ دونوں یہی کام کرائیگی ہم سے" ارید نے ہنستے ہوئے کہا،

"یوٹیوب پر چھپکلی بھگانے کا آسان طریقہ دیکھے، ارے یہ تو واقعی مجھے گھور رہی ہے" شاہ ویر نے چھپکلی کو دیکھتے ہوئے کہا، جو اپنا منہ اُٹھائے اُن دونوں کو ہی دیکھ رہی تھی،

"لگتا ہے میڈم کا نظروں سے گھائل کرنے کا ارادہ ہے، بچ کر رہنا ہوگا، ورنہ دوسری چھپکلی کچا چبا جائیگی" شاہ ویر کی بات پر ارید کا قہقہہ بےقابو ہو گیا تھا، اُس کے ہنسنے پر شاہ ویر بھی ہنس پڑا تھا۔۔

"عزیز آپ بس ایزل کو ہمیں دے دیں، میں آپ سے ایزل کو ارید کے لیے مانگ رہا ہوں" ظفریاب صاحب کی بات پر لاؤنج میں بیٹھے عزیز صاحب اور ہادیہ بیگم دونوں چونکے تھے،

Posted On Kitab Nagri

"ماموں جان ایزل آپ ہی کی بیٹی ہے، لیکن اُن سے پوچھے بغیر میں اُن کے لیے کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا، ایزل سے پوچھ کر ہی میں آپ کو کوئی جواب دے پاؤنگا" کُچھ دیر کی خاموشی کے بعد عزیز صاحب نے کہا تھا،

"تو یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے، ہم آج یہی ہیں، آپ ایزل سے پوچھ کر جواب دیں، بغیر جواب لیے تو ہم یہاں سے نہیں جائے گے" ظفریاب صاحب نے مُسکراتے ہوئے کہا تھا،

"یہ تو ہمارے لئے اور اچّھا ہے" عزیز صاحب ہنس پڑے تھے،

"آپ جلدی ایزل سے پوچھئے گا، ہم اسی وجہ سے یہاں آئے ہیں، ایزل ہمارے لئے انفاء کی طرح ہی ہے، اور دوسری بات یہ کہ ارید بھی اُنہیں پسند کرتے ہیں" ظفریاب صاحب نے کہا،

"ہمیں آپ کی طرف سے کوئی بھی شکایت نہیں ہے ماموں جان، آپ ہمارے بڑے ہیں" ہادیہ بیگم نے کہا تو وہ مُسکرا دیے، تبھی انفاء اور ایزل لاؤنج میں داخل ہونے تھے،

Posted On Kitab Nagri

"امی جان میرے طوطے کہاں ہیں، لون میں سب جگہ دیکھے کہی بھی نہیں ہے" ایزل نے ہادیہ بیگم سے پوچھا،

"وہ درخشاں کی طرف ہیں، وردا لے گئی تھی وہ کہہ رہی تھیں، جب تک آپ نہیں آ ئیگی وہ اُن کا خیال رکھیں گی" ہادیہ بیگم نے اُسے بتایا،

"ہم جائیں اُن کی طرف" ایزل نے پوچھا،

"جاؤ بچّے اِس میں پوچھنے کی کیا بات ہے، ارید اور شاہ ویر بھی اُن کی طرف ہیں، ابھی باسم اُنہیں لے گئے تھے" عزیز صاحب نے کہا،

"اوکے بابا جان ہم جارہے ہیں، آپ دادوں کے ساتھ شطرنج کھیلے" وہ کہتے ہوئے انفاء کو لیکر باہر نکل گئی،

Posted On Kitab Nagri

"چلو بھئی ایزل کی بات تو ماننی پڑے گی، چلے شطرنج کھیلتے ہیں" ظفریاب صاحب نے ہنستے ہوئے کہا تھا، عزیز صاحب اور ہادیہ بیگم بھی ہنس دیے تھے------

,---------,---------,---------

وہ باسم کے پاس بیٹھے تھے وہ ابھی اُنہیں ادھر لایا تھا، عزیز صاحب نے باسم کو اپنے بنگلے کے پیچھے والا پورشن دِیا ہوا تھا، جو کافی بڑا تھا، وہاں ساری فیسلیٹیز تھی،

"آپ یونیرسٹی کب جائے گیں، اگزیم بھی قریب ہیں" شاہ ویر نے باسم سے پوچھا تھا،

"جی بس اگزیم دینے جاؤنگا، میں اب امی اور بہنوں کو اکیلا نہیں چھوڑنا چاہتا، میری وجہ سے اِن سب نے جتنی تکلیفیں برداشت کی ہیں وہی کافی، میں اب اُنہیں کوئی تکلیف نہیں دینا چاہتا" باسم نے کُچھ افسُردگی اور شرمِندگی سے کہا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"آپ کی بات صحیح ہے، بٹ آپ اسٹڈی کیسے کرینگے" ارید نے پوچھا،

"گھر پر ہی کر لونگا" اُس نے کہا، تو وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر رہ گئے،

"درخشاں آپی، درخشاں آپی کہاں ہیں آپ" تبھی ایزل کی تیز آواز آئی تھی، وہ تینوں چھوٹے سے رُوم میں بیٹھے تھے جسے ڈرائنگ رُوم کی طرح سیٹ کیا گیا تھا، ایزل کی آواز باہر سے آرہی تھی،

"اوہو ایزل آپی آپ کب آئیں" باہر سے ایزل سے بھی زیادہ تیز آواز بلکہ یہ کہیں چیخ سُنائی دی تھی،

"میں ابھی لنچ سے پہلے آئی ہُوں، آپ بتائیں میرے طوطے کیسے ہیں، امی جان نے بتایا تھا کہ آپ اُن کا خیال رکھنے کے لیے لے آئی تھی" ایزل پوچھ رہی تھی، وہ شاید بولتے ہوئے ڈرائنگ رُوم کی طرف ہی آرہی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"آپی آپ اِدھر آئے اُدھر بھائی کے گیسٹ بیٹھے ہیں، پلیز آپ بھی آئے آپ یقیناً آپی کی وہی فرینڈ ہیں، جن کے بارے میں آپی نے کال پر بتایا تھا" وہ شاید انفاء کے بارے میں کہہ رہی تھی،

"ارے واہ میرا تعارُف پہلے ہی ہو چُکا، لیکِن آپ کو ایک بات بتا دوں، اندر جو آپ کے بھائی کے گیسٹ بیٹھے ہیں وہ میرے بھائی ہیں" انفاء نے کہا تو اُس کی بات سُن کر جہاں ارید ہنس پڑا تھا، وہیں شاہ ویر کا مُنھ بن گیا تھا،

"اِن میڈم کی تو آج خبر لینی پڑے گی، اور آپ کیو دانت دِکھا رہے ہیں" شاہ ویر نے ارید کو گھورتے ہوئے کہا،

Kitab Nagri

"ڈونٹ وری، روانی میں بول دِیا اُنھوں نے، یہ کہتے وقت خیال تو میرا ہی ہو گا اُن کے مائنڈ میں" ارید نے مُسکراتے ہوئے کہا تھا، شاہ ویر انفاء کے بھائی کہنے پر ناراض ہوُا تھا، باسم بھی اُن کی بات سمجھتے ہوئے مُسکرا رہا تھا،----------

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

-------,---,-------,-------,----------

"ایزل آپ نہیں جانتی، آپ نے ہم پر کتنا بڑا احسان کیا ہے، ہمارا بھائی ہمیں واپس مِل گیا، یہ آپ کی وجہ سے ہوا ہے" درخشاں ایزل کے گلے لگی کہہ رہی تھی،

"آپی آپ ایسے مت کہیں، میں نے کُچھ نہیں کیا، یہ سب تو اللہ تعالی نے کیا ہے، وہ کبھی اپنے بندے کا برداشت سے زیادہ امتِہان نہیں لیتا، اب آپ مُجھ سے ایسی کوئی بات نہیں کرینگی" ایزل نے کُچھ لاڈ بھری ناراضگی سے کہا،

"ٹھیک ہے نہیں کرونگی" وہ فوراً مان گئی تھی،

"آپ کی اسٹڈی کیسی چل رہی ہے" ایزل نے اُن سے پوچھا،

"بہت اچھی، آپ کے بعد عزیز چچا جان میری ہیلپ کر رہے ہیں اسٹڈی میں" درخشاں نے کہا، وہ عزیز صاحب کو چچا جان ہی کہتی تھی،

Posted On Kitab Nagri

"اچھّا جلدی سے یہ بتایئے میرے طوطے کہاں ہیں، مجُھے اُن سے مِلنا ہے "اُس نے بیتابی سے کہا، اُسے پرِندوں سے بہت لگاؤ تھا، اُس کے شوق کو دیکھتے ہوئے عزیز صاحب نے گھر میں ہی کبوتر پالے ہوئے تھے، اور طوطے بھی وہ اُس کے شوق کی وجہ سے ہی لائے تھے، درخشاں اُسے پیچھے والے لون میں لے آئی تھی، انفاء اور وردا پہلے ہی وہیں تھیں،

"واہ ایزل آپ کے طوطے تو بہت پیارے ہیں آپ کی طرح" انفاء نے اُسے دیکھتے ہی شرارت سے کہا تھا، آج کل وہ اُسے بہت زیادہ چھیڑنے لگی تھی، شاید اُسے ارید کے پرپوزل والی بات معلوم ہوگئی تھی، اِس لیے وہ اُسے تنگ کرتی تھی،

"لیکِن یہ بولتے آپ کی طرح ہیں" ایزل نے مُسکراتے ہوئے کہا، تبھی طوطے ایزل کا نام پُکارا تھا،

"ارے واہ یہ تو آپ کا نام بھی لیتے ہیں" انفاء نے خوش ہوتے ہوئے کہا، وہ اُس کے اِس طرح خوش ہونے پر ہنس پڑی تھی،

,-----,---,-,-----,--,

Posted On Kitab Nagri

-----,-----------,---------,--------

ظفریاب صاحب آج گاؤں میں ہی ٹھہر گئے تھے، ارید اور شاہ ویر واپس جا چُکے تھے، اُن لوگوں کو کل جانا تھا، باسم کو بھی اُن کے ساتھ ہی جانا تھا،

"ایزل آپ کو ارید کے پرپوزل پر کوئی اعتراض تو نہیں ہے" عزیز صاحب نے اس سے پوچھا، اِس وقت وہ انہی کے رُوم میں تھی، اُنہیں یونیورسٹی کی باتیں بتا رہی تھی،

"بابا جان اس بارے میں آپ مُجھ سے نہ پوچھے، جو آپ کو بہتر لگے وہی کریں، مُجھے آپ کے فیصلے سے اِنکار نہیں ہو گا، لیکِن بابا جان ایگزیم کے بعد آگے کی اسٹڈی مُجھے یہی اپنے کالج سے ہی کرنی ہے" اُس نے کہا تو وہ مُسکُرا دیے،

Posted On Kitab Nagri

"ایسا ہی ہو گا میرے بچّے، ہم بھی آپ کے بغیر نہیں رہ سکتے، اِس بارے میں ماموں جان سے پہلے ہی بات ہو چکی ہے، ایسا کرنے میں کوئی پروبلم نہیں ہے، بلکہ باسم بھی آگے کی اسٹڈی یہی سے کرنا چاہتے ہیں، وہ اسٹڈی کے ساتھ ساتھ جوب بھی کرنا چاہتے ہیں، اِس لیے میں نے اُنہیں جوب پر رکھ لیا ہے، ایگزیم کے بعد سے اُن کی جوب اسٹارٹ ہو گی" اُنہو نے بتایا تو وہ حیران ہوئی،

"آپ نے اُنہیں کس جوب پر رکھا ہے" ایزل نے اُن سے پوچھا،

"زمینوں کے حساب کتاب کے لئے، ویسے تو مُنشی صاحب یہ سب دیکھتے ہیں، لیکِن اُن کے ساتھ باسم بھی اِس کام میں اُن کی ہیلپ کرینگے" اُنہونے کہا،

"میرے بابا جان بہت اچّھے ہیں" ایزل لاڈ سے کہتے اُن کے بازوں سے لگ گئی، عزیز صاحب اُس کے انداز پر ہنس پڑے تھے،

"میری بیٹی بھی بہت اچّھی ہے" اُنہونے مُحبّت سے اُسے تھپکا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"بابا جان آپ نے دادوں سے کیا کہا ہے" ایزل نے اُن سے پوچھا،

"ابھی میں نے اُن سے بولا ہے کہ میں آپ سے پوچھ کر کوئی فیصلہ کرونگا، جو میری بیٹی کی مرضی ہو گی وہی ہو گا" اُنہوں نے کہا تو وہ اُن کی بات سُن کر مُسکرادی تھی، اُسے معلوم تھا کہ وہ کبھی اُس سے پوچھے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کرینگے، اُسے اُن پر اعتبار تھا، اُسے یہ بھی معلوم تھا کہ وہ کبھی بھی اس کے لیے کوئی غلط فیصلہ نہیں کرینگے،

"کیا سوچ رہا ہے میرا بچّہ" اُنہوں نے مُحبّت سے پوچھا تھا،

"کُچھ نہیں بابا جان" وہ ہلکی سی مُسکرادی،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ارید کے لئے ہاں کہہ دوں ماموں جان سے" اُنہوں نے پوچھا،

Posted On Kitab Nagri

"بابا جان آپ کو جو بہتر لگے وہی کریں" وہ کُچھ جھجھکتے ہوئے اُن کے بازوں میں مُنھ چُھپا گئی، عزیز صاحب اُس کے انداز پر بیساختہ ہنس پڑے تھے، وہ بھی بند آنکھوں کے ساتھ مُسکرا دی تھی،--------

-------------,-------------,-------------

"ایزل آئی ایم سوری، میری وجہ سے آپ کو بہت تکلیفیں برداشت کرنی پڑی" باسم نے شرمندگی سے کہا تھا، وہ لوگ گاؤں سے آگئے تھے اور اب یونیرسٹی آئے تھے،

"سوری کی کوئی ضرورت نہیں ہے، یہ سب ایسے ہی ہونا تھا" اُس نے سلجھے انداز میں کہا،

"تھینک یو سوچ، مُجھے سہی راستے پر لانے کے لئے اور مجھے میری فیملی لوٹانے کے لئے، میں واقعی بھٹک گیا تھا" اُس نے کہا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"غلط صوحبت اِنسان کو برباد کر دیتی ہے، اِس لیے اب آگے اچّھے فرینڈز بنایئے گا" ایزل نے کہا تھا، تبھی انفاء وہاں آگئی تھی،

"ایزل کلاس میں چلے، بھائی کلاس میں تشریف لے جا چُکے ہیں، ڈانٹ نہ پڑ جائے آج" اُس نے پھولی سانسوں کے ساتھ کہا تھا، وہ ابھی ظفریاب صاحب کے پاس سے آئی تھی، اُن کا فرسٹ لیکچر مِس ہو گیا تھا، ایزل ابھی لائبریری تک آئی تھی کوئی بُک لینے کے لیے،

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

"چلیے" ایزل انفاء کے ساتھ اپنے ڈیپارٹمینٹ کی طرف بڑھ گئی تھی، باسم بھی اُن کے پیچھے ہی تھا، کلاس کے باہر ہی ارید سیل فون کان سے لگائے کھڑا تھا، وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر مُسکرا دی، اچھّا تھا وہ کلاس سے باہر تھا ورنہ ڈانٹ لازمی تھی، ارید نے اُنہیں دیکھ کر وہی ٹھہرنے کا اشارا کیا تھا،

"اوکے بابا اللہ حافظ" ارید نے کہتے ہوئے سیل فون کان سے ہٹایا تھا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آپ دونوں کہا تھی" ارید نے اُن سے پوچھا،

"میں دادوں کے پاس تھی اور ایزل لائبریری میں" انفاء نے بتایا،

Posted On Kitab Nagri

"اتنی لیٹ کیوں آئے آپ لوگ" اُس نے پوچھا،

"بس ایسے ہی دیر ہوگئی" ایزل نے کہا،

"ایسے ہی کا کیا مطلب، کوئی وجہ تو ہوگی" ارید نے ایزل کے اِس جواب پر اُسے دیکھا تھا، جو نظرے جُھکائے کھڑی تھی، وہ آج بھی کُچھ کنفیوز تھی، وجہ وہ اچّھے سے جانتا تھا،

"خیر یہ چھوڑے، اِس لیکچر کے بعد آپ دونوں شاہ ویر کے ساتھ گھر جائیں، آج لنڈن سے بڑے بابا اور بڑی مما آرہی ہیں" اُس نے اُنہیں بتایا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اور مما، بابا کب آئیںگے" انفاء نے پوچھا،

"وہ کل آئینگے، سب کلاس میں چلے یا یہ لیکچر بھی مِس کرنا ہے" ارید نے دونوں سے کہا، تو وہ کلاس کی طرف بڑھ گئی،

Posted On Kitab Nagri

"مِس کرنا تو ایسے کہہ رہے ہیں بھائی، جیسے یہ ہمیں مِس کرنے دینگے" انفاء نے ایزل کے ساتھ چلتے ہوئے دھیمی آواز میں کہا،

"کیا کہہ رہی ہیں آپ، سب سُن رہا ہُوں میں" ارید نے اُن کے پیچھے چلتے ہوئے کہا تو انفاء اُچھل پڑی،

"ایک تو بھائی آپ کے کان بہت لمبے ہیں" وہ کُچھ جھنجھلائے انداز میں بولی تو ایزل کے ساتھ ساتھ ارید بھی ہنس پڑا تھا، انفاء اُن دونوں کو ہنستا دیکھ مُسکراتے ہوئے کلاس میں چلی گئی تھی، ارید اور ایزل ساتھ ساتھ کلاس میں داخل ہوئے تھے، اور ایک بار پھر ایزل اُن لوگوں کی کُچھ کھوجتی نظروں کی زد میں تھی، بٹ اُسے کوئی پرواہ نہیں تھی، وہ اُن سب کی نظروں کو نظر انداز کیے لیکچر سُننے میں مصروف تھی،-------,--------,

-----------,--------,----------,--------,--------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ناظمِ علوی اور عاصم علوی اپنی بیویوں کے ساتھ لنڈن سے آچُکے تھے، صداقت علوی نے شاہ فیض کو دوسری یونیرسٹی میں بھیج دیا، یہ سیمسٹر تو اُس نے ڈراپ کر دِیا تھا، اُس کے جانے سے بہت سے لوگوں نے خوشی منائی تھی، اِس وقت یونیرسٹی میں ایکزیم چل رہے تھے، وہ سب اسی میں بیزی تھے، یونیرسٹی کا ماحول بِلکُل بدل گیا تھا، ارید نے رولز ہی اتنے سخت بنائے تھے، سب کُچھ ڈِیسپیلین میں آگیا تھا، سارے اسٹوڈینٹ بہت لگن سے پڑھ رہے تھے، ارید سارے انتظامات خود سنبھال رہا تھا، ظفریاب صاحب تو اِس طرف سے ٹینشن فری ہوں گئے تھے، اُن کی ذمّے داری بس انفاء اور ایزل کو پڑھانے کی تھی، وہ دونوں بھی خوب محنت کر رہی تھی، اگیزیم کے فوراً بعد ایزل اور ارید کی منگنی ہونی تھی اور ایزل کو دوبارہ اپنے گاؤں جانا تھا، باقی کی اسٹڈی وہ وہیں اپنے گاؤں میں، اپنے امی بابا کے پاس رہ کر ہی کرنا چاہتی تھی، یہاں آکر ایڈمِشن لینا تو بس اُس کا وقتی فیصلہ تھا، اور انگیجمنٹ کے بعد تو وہ بِلکُل بھی یہاں نہیں رہ سکتی تھی، ظفریاب صاحب کی پوری فیملی ایزل کو بہت چاہتی تھی، بقول انفاء وہ تھی ہی اتنی پیاری، انفاء اور ایزل ایکزیم کے دوران بھی گھر میں رونق لگائے رکھتی تھی، اور اُن کا ساتھ دیتے تھے ظفریاب صاحب، ارید کے بار بار ڈانٹنے پر بھی وہ باز نہیں آتی تھی، سب تو ایزل پر بھی اُس کا روب کُچھ کم ہوں گیا تھا، وہ زیادہ اُس سے نہیں ڈرتی تھی، بقول شاہ ویر انفاء نے ایزل کو اپنے جیسا ہی بنا دِیا تھا، باسم بھی اگیزیم دے رہا تھا، اگیزیم کے بعد اُسے بھی گاؤں جانا تھا، اُسے بھی آگے کی اسٹڈی

Posted On Kitab Nagri

عزیز صاحب کے کالج سے پوری کرنی تھی، اور ساتھ ساتھ اپنی ماں اور بہنوں کا بھی خیال رکھنا تھا، ایزل اور باقی سب باسم کے اِس فیصلے سے بہت خوش تھے۔۔۔

------------,----------,---------,-------

ہر طرف روشنیاں بکھری ہوئی تھی، سب لوگ بے حد خوش تھے، آج ارید، ایزل اور شاہ ویر، انفاء کا نِکاح تھا، سب بڑوں کے مشورے پر انگیجمینٹ کے بجائے، نِکاح کیا جا رہا تھا، سب ہی اِس فیصلے سے خوش تھے، نِکاح ایزل کے گاؤں میں ہی ہو رہا تھا، عزیز صاحب نے اپنے گھر کے ہی بڑے سے لون میں سارے انتظامات کیے ہوئے تھے، لون میں اسٹیج لگائی ہوئی تھی جہاں انفاء اور ایزل بیٹھی تھی، انفاء اور ایزل دونوں ہی ڈارک گرین گرارے میں بے حد پیاری لگ رہی تھیں، نِکاح کے بعد شاہ ویر اور ارید کو بھی اُن دونوں کے پاس بیٹھا دِیا گیا تھا،

Posted On Kitab Nagri

"کیا بات ہے ڈیئر وائف آج آپ بڑی خاموش ہیں" شاہ ویر نے انفاء کے جُھکے سر کو دیکھتے ہوئے پوچھا تھا، اُس کی بات پر وہ سر مزید جھکا گئی،

"ارے بابا بس اب گردن اتنی بھی نا جُھکائیں، اکڑ جائیگی جُھکے جُھکے، ویسے بڑی پیاری لگ رہی ہیں ایسے آپ کاش آپ ہمیشہ ایسے ہی رہے، میری زندگی آسان ہو جائیگی" اُس نے بڑی معصومیت سے کہا بٹ وہ تو کُچھ بول ہی نہیں رہی تھی،

"ویسے ایمان سے میرا دِل کر رہا ہے، دادوں سے کہو کہ وہ بس میری بیوی کو مُجھے دے دیں، میں اُسے آج ہی رُخصت کرانا چاہتا ہوں" شاہ ویر نے انفاء کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا،

"کیا خیال ہے کہہ دوں دادوں سے" اُس نے تھوڑا جُھکتے ہوئے انفاء کا چہرہ دیکھا جہاں شرم کی لالی بِکھری تھی، شاہ ویر کے ہونٹوں پر مُسکراہٹ بِکھر گئی، اُسے ایسے شرماتا دیکھ کر،

Posted On Kitab Nagri

"ارے واہ آج تو شرمایا جا رہا ہے، گاؤں والوں دیکھو میری بیوی شرما رہی ہے" شاہ ویر نے شرارت سے کہا تھا، وہ اُسے مُسلسل چھیڑ رہا تھا بٹ حیران تھا وہ کُچھ بول نہیں رہی تھی، بس خاموشی سے سر جُھکائے بیٹھی تھی،

"ویسے آج میں نے وہ منظر دیکھا ہے جو کبھی کسی نے نہیں دیکھا ہو گا" شاہ ویر نے کہا ہے اِس بار انفاء نے نظر اٹھا کر اُسے دیکھا تھا، جیسے پوچھ رہی ہو، کیا دیکھا آج آپ نے، بٹ شاہ ویر کے ہونٹوں پر مُسکراہٹ دیکھ کر وہ پھر سے سر جُھکا گئی،

"سچ آپ کو بھی یقین نہیں آئے گا، آج میں نے ایک چِھپکلی کو شرماتے ہوئے دیکھا ہے" شاہ ویر نے بھرپور معصومیت کے ساتھ بتایا بٹ اُس کی آنکھوں سے شرارت واضع تھی، اُس کی بات سمجھتے ہوئے انفاء نے ایک جھٹکے سے سر اُٹھا کر اُسے دیکھا تھا، اُس کے ہونٹوں پر شرارتی مسکراہٹ تھی،

"اب میں آپ کو نہیں چھوڑوں گی" وہ اب اپنے پُرانے رُوپ میں تھی، چِڑی مِرچ سی، شاہ ویر اب بھی مُسکرا رہا تھا، لیکِن یہ مسکراہٹ ایک سیکنڈ ہی برقرار رہی، انفاء نے اُس کے ہاتھ پر ناخوں گاڑ دیے تھے،

Posted On Kitab Nagri

"اوئے جنگلی بِلّی اپنے معصوم شوہر پر کتنا ظُلم کر رہی ہو" شاہ ویر نے لہجے میں معصومیت سموتے ہوئے کہا،

"اِس جنگلی بِلّی کی دُم پر ہاتھ رکھتے ہوئے آپ نے کُچھ خیال کیا جو میں خیال کروں" اُس نے غصّے سے اُسے گھورا، لیکن اپنے لفظوں پر غور کرتے ہوئے زبان دانتوں میں دبا گئی، اُس نے خود کو ہی جنگلی بِلّی بول دیا تھا، شاہ ویر قہقہہ لگا اُٹھا تھا، انفاء اُس کے ایسے ہنسنے پر بُری طرح چِڑی تھی،

"ایک بات سُن لیں، اگر میں جنگلی بِلّی ہُوں نا تو آپ بھی جنگلی بِلاؤ ہیں" اُس نے اُسے اُنگلی دِکھاتے ہوئے کہا، شاہ ویر کو اُس پر بے حد پیار آیا تھا، وہ ایسے بچّوں جیسی حرکتیں کرتی اُسے بہت کیوٹ لگتی تھی، وہ اُسے مُحبّت سے دیکھ رہا تھا، اور انفاء اُسے ایسے دیکھتا پا کر لڑائی بُھولے پھر سر جُھکا گئی، شاہ ویر دوبارہ ہنس پڑا تھا،---------

Posted On Kitab Nagri

"آپ بہت پیاری لگ رہی ہیں بالکل نہیں لگ رہا کہ آپ ایزل عزیز ہیں" ارید نے مُسکراتے ہوئے ایزل کا ہاتھ تھاما تھا،

"اور ایزل عزیز تو اب آپ ہیں بھی نہیں اب آپ ایزل ارید ہیں" ارید نے خود ہی اپنے بات کا جواب دِیا تھا، ایزل نے اُس سے اپنا ہاتھ چُھڑانے کی کوشش کی تھی،

"آپ کو اچّھا نہیں لگ رہا میرا ہاتھ پکڑنا" ارید نے نرمی سے اُس سے پوچھا،

"نہیں سر یہ بات نہیں سب لوگ دیکھ رہے ہیں" وہ کُچھ روہانسی ہوئی تھی،

"تو دیکھنے دیں، اب آپ میری وائف ہیں، اور اب مُجھے سر مت کہیٔے گا" ارید کی بات پر ایزل نے ایک نظر اُسے دیکھا،

"پھر کیا کہوں" اُس نے پوچھا،

Posted On Kitab Nagri

"نام لیں میرا، میں شوہر ہُوں آپ کا" ارید نے مُسکراتے ہوئے کہا،

"آپ میرے پروفیسر ہیں نام کیسے لوں" وہ کنفیوز ہوئی تھی،

"ایزل اب آپ آگے کی اسٹڈی گاؤں کے کالج سے کرینگی تو میں اب آپ کا پروفیسر تو نہیں ہوٗا نا" ارید نے کہا تو وہ کُچھ حیرانی سے اُسے دیکھنے لگی، ارید اُسکی حیران آنکھوں میں دیکھ کر مُسکرا دِیا، ناظِم علوی اور عاصم علوی چاہتے تھے کہ وہ ایزل کو رُخصت کرا کر لے کر جائیں، باقی کی اسٹڈی وہ وہیں سے کرینگی بٹ وہ اچھّے سے جانتا تھا کہ ایزل اِس کے لئے اتنی جلدی نہیں مانیگی، اِس لیے ارید نے اُن دونوں کو ایسا کرنے سے منا کیا تھا،

"ایزل آپ جیسا چاہینگی، وہی ہو گا، یہ بات میں دادوں سے پہلے بھی کہی تھی کہ آپ کی مرضی کے مُطابق ہی فیصلہ کریں، اِن رشتوں میں زبردستی نہیں کی جاتی، اچّھا اب آپ مُجھے بتائیں، آپ خوش ہے نا" ارید نے نرمی سے اُس کا ہاتھ دباتے ہوئے پوچھا جو اب بھی اُس کے ہاتھ میں تھا،

"میں خوش ہوں، تھینک یو سوچ سر، آپ نے میری فیلنگز کے بارے میں سوچا" ایزل نے نظرے

Posted On Kitab Nagri

جُھکائے ہوئے جواب دِیا، وہ ارید کے ہاتھ پکڑنے سے گھبرا رہی تھی،

"ایزل آپ نے مجھے پھر سر بولا" ارید نے کُچھ ناراضگی سے اُسے دیکھا تھا،

"سوری سر" ایزل نے جلدی سے سوری کیا اور پھر اپنے لفظوں پر غور کرتے ہوئے بیساختہ ہنس پڑی، ارید بھی اُس کے ایسے ہنسنے پر ہنس دیا تھا، اُن کے ہنسنے پر جیسے۔ہر سمت موسیقی کے ساتھ اُجالے بِکھر گئے تھے،۔۔۔۔۔

"نِکھر گیا ہے یہ سماں،

نِکھر رہا ہے یہ جہاں،

یہ بہار آئی خوش نُماں،

ہے دِل کو ہوں رہا گُماں،

ہیں ہر سِمت بِکھرے اُجالے،

اِک موسقی کی تان پر،

Posted On Kitab Nagri

ہے ہو رہی یہ بات کیا،

آسمان وزمیں کے درمِیاں،

یُوں محسوس اب تو ہو رہا،

ہے رقص کر رہی ہوا،

ہیں ہر سِمت بِکھرے اُجالے،

اِک موسیقی کی تان پر،"

ختم شُد

اسلام علیکم

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com